ای کارساز جملہ حاجات کارہا — آغاز کردہ ام تو رسانی بہ انتہا

ای خالق بیچون — بسم اللہ الرحمن الرحیم — وای قادر مطلق

قدرت و صنعت تیری بی پایان ہے اور بندگی اور یاد تیری اور سرافگندگی اور عاجزی اقتضی ہر حال مین ہمکو شایان ہے تو ہی کریم ہی اور تو ہی غفار ہے اور ہم گنہگار اس سے زیادہ جو مین تذکرہ تیری قدرت کاملہ جل شانہٗ اور نعمای لا انتہا عمیمٔ کا کرون تو عقل اور ادب کا حکم ہی کہ خاموش اظہار اوسکی قدرتون اور شکر اوسکی نعمتون کا ادا کرنا کام قلم و زبان کا نہین ہے ع از دست و زبان کہ بر آید || کز عہدۂ شکرش بدر آید لیکن **قطعہ** بندہ ہمان بہ کہ ز تقصیر خویش || عذر بدرگاہ خدا آورد || ورنہ سزاوار خداوندیش || کس نتواند کہ بجا آورد || ای قادر قدیر اعتراف ہمارا عجز بیانی حمد و ثنا ر بجہہ کبریای بی ہمتائی مین عین ایمان ہے اور اقرار ہمارا بعذر بیانی

حکمت بالغہ بحجہ حکیم مطلق و قادر برحق مین مقتضای ایقان ❊

مختصر حال وقایع نگار وقایع نگار ایک شخص موسوم بکشن نراین ومعروف
به پنڈت قوم مین کشمیری برہمن خلف پنڈت اتمارام ولد پنڈت کیولرام
بن پنڈت رگھناتھہ کا ہے پنڈت رگھناتھہ کیوقت مین اتفاق آنی کا فیض آباد علاقہ اوده
مین بمقام کشمیر جنت نظیر سے ہوا مقام مولود لکھنو خاص پایہ تخت اوده اور سکن
حال وہان رکھتا ہے جہان آب ودانہ اجازت دیتا ہی جبکہ تحصیل ضروری علم انگریزی
مجھی مدرسہ کانپور مین بفیضان تعلیم مسٹر جی پٹین صاحب مدرس مدرسہ وفارسی
بہ تدریس جناب قبلہ گاہی صاحب پنڈت اتمارام صاحب حاصل ہوا سو مین مدت العمر
اونکا ممنون ومشکور رہونگا اور چندی بخدمت بعض صاحبان عالیشان بتعلیم وتدریس
زبان اردو وفارسی وبہاکھا مامور رہکر سنہ ۱۸۴۴ عیسوی مین بعد جنگ گوالیار پرگنہ گوالیار
اتفاق آنے پہونچنے کا ضلع چندیری مین بمقام للت پور ہوا اولاً بعہدہ منشیگری
پلٹن دوسری سفید ہیہ کنٹنجنٹ مامور رہ کر بعد بقدردانی صاحبان عالیشان فیض رسان
کپتان ام ٹلے بلیک صاحب حاکم قلم وسیف بمقام مذکور بعہدہ نائب تحصیلداری ضلع چندیری
مامور ہوا اور یہان ضلع بہیر مین نائب تحصیلدار ہے سبب ترتیب کتاب گوید
چونکہ بیشتر طبیعت کو شوق و دلکو ذوق سیر کتاب و دریافت حالات مقامات سے رہا کیا

استقام مین که ناف بندیل کهند تها اکثر تلاش و تحقیقات حال خاندان بوندیلون
و عظمت اونکی سلطنت اور پهر زوال اونکی اقبال کے زمانکی سنه ۱۸۴۹ع مین آب و دانه ضلع جالون مین لے
آیا که یهان اولا بعهده روبکار نویسی و بعده عهده منیشگری و پس سررشته دار عدالت فوجداری
و دیوانی ماه آخر اوسی سال مین منصوب هوا اور پهر اوسی سررشته سی کام پولیٹکل اجنٹی کا بهی متعلق کیا گیا
تب سے مقیم اس ضلع و مقام اوری خاص کا هے مگر جو شوق پیشتر دریافت حالات راج راجه ها
بندیل کهند واکثر حالات اسد یار کا تها وه هنوز دلسی نگیا بلکه مزید اوس پر یه هوا که دریافت کیجی
که اس علاقه جالون مین جو ایکوقت مین تحت حکومت خاندان بندیلون کی تها پنڈتان دکهنی نی کیونکر
تسلط پایا اور کب سے اور پهر کیونکر زوال آیا اور اکثر راجگان و رئیسان جو قرب و جوار اس علاقه
مین واقع هین یه کس خاندانسی هین اور آپسمین ایکدوسری کو کیا نسبت هے اور اب کیا اختیار و
اقتدار حاصل هے اور کیا اونکی علاقه کا حال هے اور اس اثنا مین بدفعات اتفاق همراه
حاکم وقت دوره سالانه علاقه مین هوا تو اکثر مقامات کے حالات قابل تحریر معلوم هوئے الغرض
ان سب اسباب نے دلکو اسیات پر آماده کیا که کچهه حالات بندیل کهند و نیز علاقه جالون
جسمین اب اپنا مسکن هے بطور تواریخ کی معه مختصر حالات وسا وقت کی زبان اردو مین
که عام فهم هو لکهے جب یهه خیال بندها تب عقل نی صلاح دی که اول کچهه ایسی کتب انگریزی
خواه فارسی کی جس سے پیدایش خاندان بندیلون و پنڈتان جالون اور اونکی عظمت اور پهر زوال اونکا

[illegible]

حال صحیح و واقعی معلوم ہو سکی سیر کبھی لیکن باوجود تلاش کوئی کتاب ایسی بزبان فارسی
خواہ اردو بہم نہ پہونچی تب یہہ تصور ہوا کہ نہ کامیاب ہونا تلاش سے بدستیابی ایسی کتاب
کی شاید اس سبب سے ہو کہ کسی شخص نے پیشتر حال اس جوار علی الخصوص سلطنت پنڈتان جالون اور
اس علاقہ کا کم بلکہ نہ لکھا ہو اور اپنا ارادہ واسطے شائقین اخبار اسدیار کے مفید تر بلکہ
موجب دریافت اکثر حالات تازہ بار باب ذوق وشوق و باعث یادگاری ہو جاوی
عزم بالجزم اسکا ہوا کہ کچھہ نا کچھہ ضرور لکھیی چنانچہ جب بوجہہ فقدان کامیابی بدستیابی
کتب بزبان ہای مذکورہ تلاش کتب ہای انگریزی مدنظر ہوئی تب بمساعی موفورہ
دو کتابین ایک تواریخ بندیل کہنڈ من تصنیف کپتان ڈبلیو آر پاگسن صاحب مطبوعہ
۱۸۲۸ سنہ ع بتلاش چند روز کے لئی مجھی ایک صاحب سی عاریتاً ملی اور زیادہ اجازت رکہنے
کی حاصل نہو سکے چنانچہ اتفاق سیر و اخذ مطالب ضروری بنظر سرسری اوس کتاب سے
صرف تیس ۳۰ گہنٹہ ملے تک ہوا اور دوسرے تذکرہ عہود و مواثیق میان گورنمنٹ انگریزی
و روسای ہند مورخہ ڈی کرور صاحب اسسٹنٹ سکرٹری گورنمنٹ ہند مطبوعہ ۱۸۶۴ سنہ ع بہم پہونچی
کہ مطالعہ اونکی و نیز بہت کچھہ اور طرح پر چندی تلاش بدریافت حالات صحیحہ و واقعات صحیحہ
رہ کر اب ان سب کو اوراق چند میں فراہم کرکی پیشکش اصحاب وزکار کی کرتا ہی اور خدمت
مین اونکی بصد تمنا یہہ عرض ہی کہ اگر کسی جگہہ سہو و خطا پاوین اوسکو بلطف و عنایت بذیل

عفو وعطا چہپادین زیراکہ اکثر حالات وی سے ہے ضبط تحریر در آئی ہین جو تحقیقات زبانی
معتمدان ومحققان وقت سے دریافت ہو سکی اور اسطرحکی حالات گو کیسی ہی صداقت
کی ساتہہ معلوم ہوئے ہون احتمال صدق وکذب کا ادنہین موجود * **مختصر حال بندیلکہنڈ**
کا کہ کہان کسطرحپر واقع ہوا واضح ہو کہ بندیلکہنڈ سابقمین ایک بڑا صوبہ الہ آباد
کا تہا اور درمیان ۲۴ و ۲۶ درجہ کی واقع ہے حد شمالی مین اوسکی دریای جمن وحد
جنوبی مین برار ومالوہ وحد شرقی مین بہگیل کہنڈ وحد غربی مین علاقہ سیندہیہ
واقع ہے یہہ صوبہ تیئیس ہزار آٹہہ سو سترہ میل مکسر مین واقع ہے اور آبادی مین
تعداد ذکور واناث قریب چوبیس لکہہ کے ہی پہاڑ اس اطراف کی بعض بشکل
خط مساوی مقابل ایکدوسری ہین ایک اونمین سے بندیاچل ہی اور ابتدا اس
پہاڑ کی مقام کیشوگڈہ سے ہی اور یہہ پہاڑ مقام سورج مل وراج محل ہوتی قریب دریای گنگ تک
چلاگیا بلند ترین پہاڑ یہانکا دو ہزار فیٹ ہی زیادہ نہین دوسرا پہاڑ موسوم بہ پٹنا
گہاٹ بخط مساوی وبفاصلہ اوسط دس میل کی مقابل بندیاچل کی واقع ہی اور تیسرا پہاڑ موسوم
بہ بانڈیر زیادہ تر بلند ہے اور دریای عظیم اس ضلع بہ کی کین و دہسان وبیتونتی وسندہ ہین
سوای پیدائش جواہرات کی پہارونمین بانس ولوہا وچرونجی وگوندہ وغیرہ پیدا ہوتے ہین
کان جواہر کی نزدیک پنّا کی وباختیار راجہ پنّا وغیرہ ونیز کان میلر سابق تعلق سرکار [illegible]

جالون حال متعلق سیندیا کے کشنری ناگودہی مقام کالپی واسطے مصری و کاغذ کی و جہانے
واسطے قالین اون و سوت کی و چہترپور و کنارہ بیوسنتے واسطے ٹاٹ وغیرہ چہترپور ہر واسطے
ظروف مٹی کی بہت ہوتے ہی زمین یہان ہر قسم کی ہی اور ایسی زمین مین جوکہ درمیان دو پہاڑ
کی واقع ہے اگر خوب سیراب ہو تو ہر طرح کا غلہ پیدا ہوتا ہے زمین پتلی یعنی ہلکی مین صرف
موٹا ناج مثل کودون و باجرہ وغیرہ کی پیدا ہوتا ہے سنہ ۱۸۱۵ عیسوی مین بعہد مارکوئیس ہیسٹنگز جنرل
صاحب یہان اکیس لاکہہ اٹہارہ ہزار نوسو ایکیاسی بیگہ زمین زراعتی تہی دسوای اسکے
آٹہہ لاکہہ چورانوی ہزار تین سو ستاسی بیگہ قابل زراعت زمانہ حالیہ مین کوئی عمدہ عمارت
قابل لکہنے تواریخ کی نہین مگر کچہہ نشان قدیم عمارتون کے مقام مہوبا و کہجراہا و ملہن ساگر
و چندیری مین پائے جاتی ہین یہان کی عجائبات مین بمقام چہترکوٹ و بجاور ایک غار
تحت زمین کی ہے اور دو قلعہ بہت عجیب و غریب ہین ایک مقام کالنجر اور دوسرا
جیت گڈہ مین اور جای پرستش ہنود مخصوص اس صوبہ مین مقام چہترکوٹ لب دریاے
پیسونی کی واقع ہی اور بعض مقامات اس کہنڈ مین قوم دہامی بکثرت رہتے ہین مگر خاص
مقام اس قوم کا پنا ہے اور بانی اس دین کا جی صاحب نامی تہا اور کہتے ہین کہ اوسنے اپنی
تئین امام مہدی آخر الزمان قرار دیا تہا اور کتاب اوسکی موسوم بہ قلزم ہے اس قوم کی آدمی
ظاہر مقام پنا کو مثل مکہ معظمہ کی سمجہتے ہین اور سوای اس قوم کی ایک اور قوم سے ہے

جیسے جین مت کہتی ہین یہان اکثر جگہہ پر بہت پائی جاتی ہین اسقوم کو نیم ناستی بھی کہتے
ہین اور اسقوم کی آدمی سوای ہجوار کی اور اطراف ہندوستان مین بہی موجود ہین
اور خیال وقایع نگار مین آبادی وشہر بہت مین اِن اطراف مین بزمان حال جہان سنے
کو اور مقامات پر فخر شہرات ہے یہان پر ایک نقشہ مختصر ہندوستان کا جو شامل کیا جاتا ہے
اوس سے غرض یہہ ہے کہ اوسکی دیکھنی سی یا نانے معلوم ہوسکی کہ بندیل کہنڈ ہندوستان مین
کسمقام پر واقع ہے اور اور اطراف وامصار دیار ہند کو اس کہنڈ سے کیا اور کیسا اتصال
و انفصال حاصل ہے فقط ❊



بحر عرب

وجہ تسمیہ بندیل کہنڈ واضح ہو کہ لفظ بندیلکہنڈ ایک لفظ مرکب ہے یعنی لفظ بندیل مخفف بندیلہ وکہنڈ سی موضوع ہوا ہے بندیلہ نام قوم کا ہی اور کہنڈ زمین ہندی مین طبقہ زمین کو کہتی ہین اور سبب اسکا کہ اس قوم کا نام بندیلہ کیون پڑا اگی مرقوم ہوگا فقط ٭

مختصر حال پیدایش بندیلونکا ابتدای پیدایش چہتریان بندیل کہنڈ سورج دیب سی ہی اور یہہ قوم جو سورج بنسی کہلاتی ہے سو یئی وجہ تسمیہ سورج بنس کی سبب ہے یعنی سورج بمعنے افتاب جسّی یہہ بنس نکلا اور بنس بمعنے خاندان سواب اگر حال پیدایش سورج دیب سے برابر لکہی تو بہت طوالت کلام ہوئی جاتی ہے اور شاید ناظرین کا جی نہ لگے اس سے بنظر اختصار تذکرہ عہد راجہ رام چندر سی کیا جاتا ہے واضح ہو کہ سورج دیب سے بہت چہتری اور راجہ پیدا ہوکر راجہ رام چندر پیدا ہوی سوانکے اور بہائی لچہمن کے عہد مین جو معرکہ راون سے ورپیش آیا وہ ہنوز ہرسال بیشتر مقامات ہند مین نقل ہوا کرتا ہے انکی زمانہ مین مقام اجودہیا دار السلطنت تہا راجہ رام چندر سے دو لڑکی پیدا ہوئے کُش لو اور کُش سے ہری برمہ جسکو کُش نے اودہ پوری کا راج ملک دیا اور جسکا خطاب مہی پال ہوا اور پہر مہی پال سی راجگان والا تبار مندرجہ ذیل اودم اوس سے ہلمن اوس سے بمل چند اوس سے چہتر پال اوس سے جودہ پال اوس سے بہنگ راج پیدا ہوکر کی بعد دیگری سلطنت اودہ

اجودھیا مین کارفرما رہا پھر جب کہ ہنگ راج سی کشن راج پیدا ہوکر مسند آرای یعنی
راج اجودھیا ہوا اوسنے اجودھیا چھوڑ کاشی مین سکن پسند واختیار کرکی رعایا نوازی
وفیض بخشے کی سوا ب جو اولاد کشن راج سی پیدا ہوکر جانشین راج کاشی ہوئے وہ کاشی
سور کہلائی چنانچہ بعد کشن راج راجگان والانژاد متفرنجہ تخت یعنی کشن راج سے
گہردیب اوس سے بمل چند اوس سے گوپ چند اوس سے گوبند چندر اوس سے
رتہن پال اوس سے بندراج اوس سے نونگ دیب اوس سے بیدل دیب اوس سے
ارجن برہمہ اوس سے بیر بہدر پیدا ہوکر ایک بعد دوسرے کے سریر آرای راج ہوا
راجہ بیر بہدر کے دو رانیان تہین چنانچہ ایک سے تو چار لڑکی نامعلوم الاسم اور دوسری سے
ایک لڑکا مسمی پنچم ہوا راجہ بیر بہدر کو پنچم سے کمال محبت تہی کہ بفرط شفقت راجہ نی
اپنی عہد مین پنچم کو وارث اپنا قرار دیکر ولیعہد مقرر کیا کہ پنچم کو عہد والد بزرگوار
سی راج پر تسلط حاصل ہوچلا جبکہ راجہ کا انتقال ہوا پنچم نی زمام حکومت راجکی اپنی
دست اختیار مین لے اور حکمرانی کرنی شروع کی مگر دیگر برادران پنچم اوسکا اقتدار نہ دیکہہ
سکی اور اونہون نے باہم متفق اور ہمصلاح ہوکر پنچم سی مقابلہ کیا اور کامیاب ہوکر راج پر
تسلط حاصل کرکی اپسمین چار حصون پر منقسم کرلیا اور پنچم کو خارج کیا پنچم کہ کبھی متحمل ایسے
مصائب و رنج کا نہوا تہا اپنے ایکسے پر کمال متاسف ہوا اور جی اوچاٹ ہوکر اور دنیا کی

سب عیش و آرام کو چھوڑ چھاڑ کر اور دلکو طرف قادر مطلق کے قوی رکھہ کر بارادہ
پرستش مقام بند ہیاچل و استھان بند باسنے بہوانی کی پہونچا اور برابر سات روز
تک نے آب و دانہ ایک پانوسی کہڑا رہکر اپنی دہیان کو دیبی جی کی چرنون مین لگایا
اسمین ایک آواز آئی کہ او پنچم تو اپنی راج اور دہن کا سکہہ اوٹہا ویگا جب وسنے یہہ
ندای غیبی سُنی بولا کہ مین یہہ پرستش واسطی ملک اور دولت کی نہین کرتا اور
پہرتا ب بولنی کی اور کہان باقی رہی ہی کہ بولتا اُسی طرح دہیان مین لگا رہا
پہر اوسکے جیمین آیا کہ بہتر ہے دیبی جی پر جان نثار کیجیے اور سر چڑہا دیجیے اسنے
مین تلوار اوٹہا کر سر کاٹتا تہا کہ دیبی جی مہربان ہوکر جُگ جُگ کرتی معہ دیوتاون
کی آن پہونچین اور پنچم کو درشن دیئے اور فرمایا کہ تلوار ہمیشہ لڑائی مین تیری
مددگار رہی گی اور تیری اولاد کی پشت پناہ اور لڑکی بالی تیری صاحب دولت
ہونگی اور راج کرینگی اور حافظ طریق چہتریون کی رہکر زندگی عیش و آرام
مین گذرانین گے اور کوئی مقابلہ مین اوسکی بر نہ آویگا جا تو اپنا ملک پاکر
چین کریگا اور جسسی لڑیگا فتحیاب ہوگا اور جو پنچم کی گلی کاٹنی کی حالت مین
ایک بوند لہو کی گری ہتی اوسکی جلدوی مین فرمایا جا آج سی تیرا بنس بوندیلہ
کہلاویگا فقط اگرچہ از روی بنیاد کی گہرداروں کے یون ہی روایت مسموع ہوئی ہے

کہ قوم کہرواروں مین ایک راجہ دیو داس تہے اور اونکی زوجہ منکوحہ سے چار
لڑکی ایشر سنگہ و مہا سنگہ و موہن سنگہ و مان سنگہ پیدا ہوئی اور ایک لڑکا باندی یعنی
کنیزک سے ہیم کرن پیدا ہوا چنانچہ راجہ دیو داس نے اپنا جانشین خلف اکبر ایشر سنگہ
کو کی باقی تین لڑکون کے گذارہ کی لئے کچہہ جگہہ مقرر کردی مگر ہیم کرن کو کچہہ ندیا
کہ اس سے ہیم کرن دل آزردہ ہوکر بند باسنی دیبی جی مین آیا اور پہر دیبی جی بموجب
تصریح مندرجہ کتاب اوسپر مہربان ہوئین چنانچہ بوجہ پیدایش باندی کی یہہ قوم
بندیلہ مشہور ہوئے الا یہہ روایت قابل اعتبار نہین معلوم ہوتی * پنچم کہ خوش
نصیبی نے اوسے یہہ دن دکہایا متوقع اپنے کامیابی کا ہوکر متوجہ بفراہمی
سامان جنگ ہوا اور کچہہ فوج فراہم لاکر اپنے بہائیون پر چڑہہ دوڑا اور بہائیون
کو مقابلہ مین مغلوب کر کی اور آپ فتحیاب ہوکر راج پر قبضہ پایا اور عادلانہ سلطنت
کرنی لگا پنچم راجپوتان گہرواری مین سے تہا اور اوسی پنچم جسی کاشی سور کہتی تہے اب
اوسوقت سے قوم بندیلون کی بنیاد قایم ہوئے پہر پنچم نے حکومت ادہ پوری اپنے
لڑکی بیر سنگہ کو مرحمت کی اور اوسنے بہت سے مقامات مغربی و شمالی و جنوبی پر فتح
پائی اور جبکہ عنان توجہ سمت شمال و ملک مقبوضہ تتار خان افغان کے معطوف
کی وہان پر ایک بڑا معرکہ درپیش آیا بہتر سرداران تتار خان اس جنگ عظیم مین

کام آئی اور کہیت بیر سنگہ کی ہاتہہ رہا بعد اسکی راجہ مذکور نی قلعہ کالنجر کو فتح کرکی مقام
کالپی کو مخیم خیام کیا اور پہر مہوبی کو جاکر مقام مذکور کو پایۂ تخت مقرر کیا یہہ راجا لوہادہر کہلاتا
تہا وجہ اسکی یہہ ہی کہ بڑا بہادر و صاحب جرأت و جنگ آور تہا راجہ بیر سنگہ سی کرن
عرف بلونت اوس سی ارجن پال اوس سی سہن پال اوس سی سبج اندر اوس سی
نونک دیب اوس سی پرتہی راج اوس سی رامچند اوس سی میدنی مل اوس سی ارجن دیب
اوس سی ملکہان اوس سی رودر پرتاب پیدا ہوئی چنانچہ منجملہ راجہای مذکور الصدر
سہن پال نی ایک عرصہ تک مقام جیتر اپین فرمان روائی کی اور رودر پرتاب نی اورچہہ
کی بنیاد ڈالی رودر پرتاب سی بارہ لڑکی بتفصیل ذیل پیدا ہوئی بہارتی چند مذکور ۱
اودیاجیت ۲ کیرت ۳ ساہ بہوپت ۴ ساہ امان ۵ داس چندر ۶ داس درگا داس ۷ گہنشام ۸
داس پراگ ۹ داس بہیرون ۱۰ داس کہاندی ۱۱ رای ۱۲ راجہ رودر پرتاب نی حکومت اورچہہ
اپنی بڑی لڑکی بہارتی چند کو تفویض کرکی خود توجہ بفتح قلعہ کو ٹہار و کی اور کہیک
ندی جو اورچہہ سی بفاصلہ چار کوس کی واقع ہی اوترکر وہان بارادہ شکار طرف جنگل کی
جاتا تہا کہ اسی اثنا رہین آواز ایک گای کی ہسطرح سنی کہ جس سی معلوم ہوتا تہا کہ اوسی کوئی
ہلاک کرتا ہی چونکہ راجہای سابق گای و برہمن کی حفظ و پرداخت کو تمامی امور حسنہ
پر فایق سمجہتی تہی راجہ بفور سماعت اوس آواز دردناک کی اوس آواز کیطرف لپکا اور جاتی

جاتی ایکمقام پر پہونچکر دیکہا گیا ہے کہ ایک چیتی نی ایک گای کو پکڑا ہی اور قریب تہا
کہ اوس گای کو ہلاکت پہونچای کہ راجہ نی تلوار کو نیام سی نکال کر چیتی کا مقابلہ کیا
اور اوس حیوان سے یہان تک لڑا کہ گای کو تو سلامت بچہ اوس پلنگ خونخوار سی بچایا
مگر بمقابلہ اوسکی اپنے جان دی اور اوسکو بہی بیجان کرکی چہوڑا جبکہ رودر پرتاب مرا
بہارتی چند خلف اکبر اوسکا جانشین ہوا اور بعد بہارتی چند مذکور ساہ نی اڑتیس ۳۸
سال تک بہت اچہی طرحسی زمان روائی کی اور بعد مذکور ساہ اودیاجیت کو
تسلط حاصل ہوا اور اودیاجیت نے اپنی عہدمین مہوبا بسایا یہہ اودیاجیت ایک بڑا
جریح شخص تہا اودیاجیت سی پریم چند پیدا ہوا جو بیشتر مقامات مین خوب بہادری
کی ساتہہ لڑا اور جسنے بہت سی سیدون اور افغانون کو تہ تیغ پہونچایا پریم چند
کی تین لڑکی ہی کنور سین جنی سمرا بسایا + مان ساہ جسنی قیام اپنا پوہری
رکہا بہگونت رای جسنے مہوبا کا راج کیا بہگونت رای سی گل نندن پیدا ہوا
اور گل نندن کی چار لڑکی ہتی کہرگ رای ۱ چند ۲ سبحان رای ۳ چمپت رای ۴ *

ذکر پیدا ہونی راجہ چمپت اور اوسکی عظم و شان و مقابلو نکا فوج شاہجہانی سی

راجہ چمپت رای ایک بڑا جریح صاحب حوصلہ و ہمت پیدا ہوا اور اوسنے شاہجہان
خلف جہانگیر شاہ سی جو سنہ ۱۰۳۷ ہجری مطابق سنہ ۱۶۲۷ عیسوی مین اپنی باپ کے جانشین

ہوئی تہی اور پہر سنہ ١٠٦٥ ہجری مطابق سنہ ١٦٥٥ عیسوی مین اس جہان فانی سی
راہی عالم جاودانی ہوئی خراج معمولی کی ادا کرنی مین عذر کیا بلکہ ندیا تب پیشگاہ
شاہجہانی سے اورچہہ پر فوج کشی ہوئی کہ راجہ نی غالب اگرچہ صوبون وفرزندان
کو زندہ اسیر کرلیا اور جب کچہہ بس نہ چلا فوج شاہی نی وہان سے کنارہ کیا اور
راجہ نے ملک وقلعہ پر بدستور متسلط رہا راجہ چمپت رای کی پانچ لڑکی تہی +
سارباہن انگدرای رتن ساہ چہترسال گوپال اگرچہ یہہ سب لڑکی بڑی
جری ونامور تہی مگر چہترسال کو سب پر فوق تہا چنانچہ بعد رتن ساہ جب چہترسال
پیدا ہوا اوسکا حال اسطور سے ہے کہ جب راجہ چمپت رای راجہ بندیل کہنڈ نی غاشیہ
فرمان برداری ودوش اطاعت سے اوتارا حضرت شاہجہان کو یہہ امر بہت
ناگوار معلوم ہوا چنانچہ پیشگاہ شاہی سی باقی خان نامی افغان با فوج جرار
بغرض تنبیہ وگرفتاری راجہ وحاضر لانی اوسکے در دولت شاہی پر مامور ہوا
باقی خان اورچہہ مین آپہونچا اور راجہ سے ہنگامہ حرب وپیکار کو گرم کرکی شور محشر بپا کیا
لیکن راجہ غالب آیا اور فتح نصیب راجہ کی ہوئی بعد فتحیابی سارباہن خلف اکبر راجہ
چمپت رای نی کہ جسکی عمر صرف چودہ سال کی تہی عزم شکار کا کرکی طرف کہلٹا کی
روانہ ہوا باقی خان شکست نصیب کو جب بحالت دل شکستگی یہہ حال معلوم ہوا موقع وقت

کو تہنیت جا کر عزیمت بہ تعاقب سار باہن کی اس عرصہ مین سار باہن معہ اپنی رفقا
کی ایک جگہہ پر ٹہہرا ہوا تہا کہ فوج مخالف کی آ پہونچی سار باہن نے کہ مرد دلاور تہا میدان
سی پیٹہہ دینا چہہ جوینگا دہرم بجا نکر اور دیکہہ نہ سکنے جماعت قلیل پر نظر نہ کرکی فورًا دست
بقبضہ ہوکر حریفوں کا سامنا بکمال مردانگی کیا اور بہتونکو اوس عین میدان رزم مین
مزا رزم کا دکہایا یعنی دور تیر و تفنگ چلا کر جام اجل پلایا لیکن پہر کہان ایک کہان
سو آخر کار چند زخمہای کاری گردن پر اوٹہا کر اونکی صدمہ سے میدان لڑائی مین جان
بحق تسلیم ہوا جبکہ خبر واقع جانگزا وسانحہ ملالت افزای گوش زد پدر و مادر
مرحوم کی ہوئی اونکو کمال رنج و الم دامنگیر حال ہوا چنانچہ مادر مرحوم ایکروز بحالت
غمناکی خواب اگین ہوکر سو گئی کہ اتنی مین اوسنے درعالم رویا ایک خواب عجیب و غریب
کہ درحقیقت اوسکو ایک مژدہ غیبی کہنا چاہئے دیکہا کہ سار باہن نے ما کی پاس آکر کہتا ہے
کہ ای ری ما تو میرے لئے رنج مت کر مین تیری پیٹ مین پہر جنم لونگا اور جب پیدا
ہونگا تبہی سکہہ او چین دیونگا اور مسلمانون سے پلٹا لونگا جب کہ مغمومہ خواب اگین کو
بخت بیدار نے جگایا اوسنے حال خواب کو سنا کر لوگون کو متعجب کیا سو اب یہ تبہی کہ
سوپنی کی بات سچ ہوئی جاتی ہی یعنی وہ اوسی عرصہ مین حاملہ ہوئی اور چہہ سال
متولد ہوکر حقیقت مین پہر جیسا کچہہ انتقام قوم اسلام سے لیکر ناموری کی اور ملک و دولت

حاصل کیا دستگاه آگاہی آوریگا فقط جب کہ بحضور شاہی جنس قدران کامیابی باقی خان
و مردانگی راجہ چمپت رای و فتحیابی اوسکی پہونچی حضرت کو بکمال بد علوم ہوئی تین
کہ ایک فوج جرار بہ تعداد ستاته ہزار واسطی استیصال و تخریب راجگان اس جوار کے
مامور فرمائی جسوقت کہ ایسی فوج نی محاصرہ اطراف اسد یار کا کیا بہت سے راجگان و
نی دست ہمت کو دامن مقابلہ سے کہین کوتاہ پاکر اطاعت شاہی اختیار کی مگر جو نہین
کی تو راجہ چمپت رای نی بلکہ بخلاف اوسکی تدابیر شائستہ واسطی حفظ اپنی ملک کے
معرض عملین لاکر اور بندیلہ سجان سنگہ سی اس خصوص مین ہم مصلاح ہوکر معاً
سامان جنگ کو مہیا کردیا اور حکم دیا کہ کوئی حکومت شاہی کو اصلا کچہہ خیال نکرے
اور پہر ایسی فوج شاہی سے بمیدان مقابلہ اگر جیسی کچہہ بہادری و مردانگی کہ کی دیکہے
سی تعلق رکہتے ہتی جو ستا ہو کہ ہمت مردان و مدد خدا عنایت الہی اسقدر اوسکی شامل
حال ہوئی کہ اس جوق جوق افواج شاہی کو بہی شکست فاحش نصیب ہوئی بعد اس
شکست کے پہر پیشگاہ شاہجہانی سے ایک اور امیر معہ فوج بیشمار بمدد صوبہ دار مامور ہوکر
پہر ایک سخت مقابلہ پیش آیا کہ اس معرکہ مین ایک محشر بپا ہوکر دہل شاہ بازخان
و باقی خان و فتح خان وغیرہ امراء شاہی کام آگئی اور راجہ غالب پڑی کہ اوسنی حالیمین
تعاقب مغلوبان کر کی اور سرونج پر حملہ لاکر اس مقام کو راجہ نی خاک سیاہ کردیا

اور پہر وہانسے بہیلسی پر چڑہ کر خالی کرالیا اور صوبہ اوجین کو شکست دی اور
ملک کو لوٹتی ہوئی طرف گوپاچل کی روانہ ہوگیا اور تمام ملک اوس نواح کو لی
جبراً نزع کردیا اور سب امرا و صوبہ دارونسے جو حاضر آئی چوتہہ یعنی چہارم حصہ
آمدنی اونکی ملک کا اونسی لیکر چہوڑ دیا اسعرصہ مین اخبارات ناملائم قتل شاہ
بازخان وغیرہ امرایان گوش زد حضرت ہوکر بحالت کمال خشم و فرمان
شاہی بنام امرایان فوج واسطے تسخیر بندیل کہنڈ کی نافذ ہوئی چنانچہ بجناح
استعجال صوبہ دلی بہادر خان و عبداللہ خان وغیرہ امرایان کارآزمودہ
معہ بہت سی فوج جرار کی اپنی تعیناتی اورچہہ مین ہونچکر متصل قلعہ اورچہہ قیام گزین ہوئی
راجہ نی بہی اپنی تئین قلعہ مین مستحکم کیا اور چند مرتبہ نائرہ جدال و قتال مشتعل رہا
مگر آخر کہیں تسخیر قلعہ نصیب فوج شاہی ہوئی اس اثنا مین گرانی غلہ سی قحط سالی نازل
ہوچلی اور دقت و تکلیف پیش آنے لگی کہ بمقتضای حزم و وقت امرایان فوج شاہی
نی چاہا کہ راجہ سے طرح مصالحت کی ڈالین اور اگر راجہ بہار سنگہ کو مسند نشین راج
ہونی دیوی تو بہار سنگہ کو راج پر قائم کرکی ملک کو چہوڑ دین چنانچہ جب یہہ پیغام
راجہ تک ہونچا راجہ نی بنظر انسداد ابواب خونریزی گدی نشینی بہار سنگہ
کو عین مصلحت وقت تصور کرکی راج اورچہہ اوسی تفویض کردیا چنانچہ جب بہار سنگہ

راج اور رعیہ پر متسلط ہوا اوسنے بارہا ارادہ قتل راجہ جمپت رای کا کیا بلکہ ایکدفعہ
بہار سنگہ نی راجہ کو اپنے یہان مدعو کیا جب تناول طعام سے فارغ ہوئے
حسب معمول پاندان آنے لگی سو وہ پاندان کہ جو سامنے راجہ جمپت رای کی رکھا گیا تہا
پان اوسکا زہرآلود تہا اس عرصہ مین راجہ بہیم نے جو کی از برادران راجہ تہا
اوسحال پر مطلع ہوکر اور پاندان کو بدل کر پان زہرآلود کو خود نوش کیا اور اس
ہمت کو دیکہی کہ راجہ کیواسطی اپنے جانکی دینے مین ذرا ہی دریغ نکیا بلکہ بی تیز حیلہ
جب راجہ بہیم اپنی خیمہ مین آیا اپنی دوستون سے یہہ ماجرا کہہ سنایا تب یہہ راز کہلا اور
تہوڑی عرصہ مین سرایت زہر سے راجہ بہیم تو مرا اور حال فریب بہار سنگہ کا برملا
ہوگیا الغرض بہار سنگہ تو ہمیشہ قتل راجہ جمپت رای کا ذاتو دیکہا کیا مگر قابو نپایا
جب والدہ راجہ جمپت رای نی دیکہا کہ بہار سنگہ کو راجہ کی جان لینے کی فکر پڑ رہی ہے
ایکدن اوسنے اپنی بیٹی کو بلا کر سمجہایا کہ بہار سنگہ تو تیری خرابی و ہلاکت مین
اپنا فساد و موجب سرخروئی بحضور شاہی جانتا ہی سو تو کیون غفلت مین گذرانتا ہی
چاہئی کہ تو شاہ جہجاہ سی رجوع لا کیا عجب ہے کہ تیری دن پہرین اور حضرت مہربان
ہون راجہ نے صلاح اپنے ماکو مستحسن و پسندیدہ جانکر ایک معتمد کو خدمت مین حضرت شاہجہان کے
روانہ کیا کہ وہ بحضور شاہی باریاب ہوکر مورد عنایت ہوکر اوسی ارشاد ہوا کہ

راجہ حاضر دربار دولت شاہی ہو نہ و بدولت اوسکی دیکھنے کی مشتاق مین چنانچہ بعد دریافت
حال ارشاد حضرت راجہ رای شاہجہان آباد وحاضر دردولت شاہی ہوا اوس اثنار
مین ضرورت تسخیر قلعہ کو ہہارگڈہ بندگان شاہی کو درپیش ہتی کہ حضور شاہی سے
وہ خدمت راجہ کو تفویض ہوئی اور راجہ نی بدل وجان قبول کرکی اور حسن سرانجامی
فرمان شاہی کو موجب سود وبہبود حال واستقبال جانکر تہوڑی سے عرصہ مین مردانگی
تمام اوس معرکہ مین فتح پائی اور قلعہ تحت بندگان شاہ لاکر بہت سے نیکنامی اوٹہائی
لیکن یہہ سرخروی راجہ کی پہارسنگہ و داراشاہ کو نہ بہائی یعنی پیشگاہ حضرت سے
چو پرگنہ کو پنج راجہ کو تین لاکہہ روپیہ مرحمت ہوا تہا سو پہارسنگہ نی نو لاکہہ روپیہ دیکر بذریعہ داراشاہ
حاصل کیا اسپر راجہ نی بی مہابا داراشاہ کی نسبت بحضور اونکی کلمات گستاخی کہی اور
چہتر سال نے اوسی عرصہ مین راجہ یعنی اپنی باپکے پاس آ پہونچا اور ادہر تو داراشاہ
وہان سے درپی بجود ہوا اوٹہہ گرچلی گئی اور ادہر راجہ نی باطاعت شاہ رہنا مناسب نجانکر اور
وہان سے کوچ کرکی مہوبا آرہا اب اس اثنار مین سلطنت دہلی مین ایک بڑا زلزلہ نازل اور فتور
وانقلاب واقع ہوا

ذکر انقلاب عظیم بحالت تخت نشینی داراشاہ

مختصراً حال اوسکا یہہ ہی کہ حضرت شاہجہان کے چار لڑکی تہی دارا شجاع اورنگ
زیب معروف بعالمگیر مراد چنانچہ حضرت شاہجہان نی ہرایک کو صوبہای جداگانہ

افسوس کے ہی جب کہ حضرت نی قریب تیس برس کی سلطنت و حکمرانی کی تب حضرت
نی اپنی تئین عمر مین زیادہ اور ضعف کو اپنی مین قوی پایا اور منظور نظر و ملحوظ
خاطر یہہ تہا کہ بعد حضرت کی دارا جانشین ہون مگر اور لڑکونکا خوف غالب تہا بنابران
حضرت نے بجانب اپنی تخت نشینی دارا مستحق جانکر داراشاہ کو سرآرای سلطنت
کر دیا جب کہ یہہ حال دیگر برادران دارا پر منکشف ہوا انہون نے اطاعت داراشاہ
قبول نکی بلکہ مراد نی تہیہ حاصل کرنی سلطنت کا بنام اپنی کر کی سکہ بہی اپنی نام پر
چلا دیا اورنگزیب کو بہی جیمین یہہ ارادہ بند ہا مگر بظاہر مراد کو اسطرح لکہا
کہ مجہی اطاعت داراشاہ ہرگز منظور نہین بلکہ تخت سی اوٹہا دینا اوسکا عین مرکوز
خاطر ہے مگر چونکہ اپنی طبیعت طرف یاد الہی کے بہت مائل ہی اس سلطنت کے جنجال
اور وبالمین پڑنی کو جی نہین چاہتا الا یہہ آرزو البتہ ہے کہ تم تخت نشین ہوکر رعایا
نوازی کرو مراد کو بدریافت حالات صدر بکمال خوشی حاصل ہوئی لیکن ہوشیاری و
دور اندیشی نے کچھ شک ہے اوسکی جیمین ڈالدیا کہ مبادا کچھ جہنیازہ اوس اظہار اورنگزیب
کا اورہی نکلی اوسپر اورنگزیب نے قرآن شریف اوٹہاکر اظہار راستی آرزو کا بہ نسبت
مدد و تخت پر بٹہلانی مراد کی کیا اور پہر جو ہوا سو سب نے سنا ہوگا الغرض جب اسطرح عہد و
پیمان فیمابین مین مستحکم ہوئی دونون برادرونے بالاتفاق دکہن سے کوچ کیا اور جانب مغرب کے

فوج شاہ شجاع کی سمت آگرہ بڑہی اب دارا شاہ کو بہی ان سب حالات پر اطلاع ہوئی
اور وہ وہونے فوج شاہی کو آراستہ کرکی اور بمقام دہولپور تشریف فرما ہوکر کرارون
دریای چنبل پر مورچہ بندی کردی تاکہ غنیم کو راہ عبور بمقام پایاب دریا ہی نملسکے
اور ایدہر اورنگ زیب دریای نربدا سے عبور کرکی بڑہے اور مکند سنگہ ہاراکی متصل
اوجین سر بمقابلہ اوٹہایا کہ ایک معرکہ درپیش آکر عین میدان کارزار مین مکند سنگہ
ہارا مارا گیا اور اورنگ زیب مراد فتح پاکر قریب چنبل کے آن پہونچی اور حال اجتماع
افواج داراشاہ آنروی دریای سنکر اورنگ زیب کو مناسب معلوم ہوا کہ اب یہان سے
راجہ چمپت رای کو بہی ساتہ لیجی چنانچہ شقہ بطلب راجہ جاری ہوا اور راجہ بکمال جوشی
اپنی فوج بعنوان شایستہ آراستہ و پیراستہ کرکی آپہونچا اور اورنگ زیب نی بہادر خان
کو واسطے لانے راجہ کی بہیجا اور راجہ اور شاہزادونکی باہم ملاقات ہوئی اور اورنگ زیب نے
راجہ سی فرمایا کہ تمنے سنا کہ داراشاہ نی فوج جمع کرکی اور بارادہ جنگ برلب رود چنبل
آکر بمقام معبر پر مورچہ بندی کی ہی سو اب کیا کرنا چاہئے دریا اوترنا تو ضرور ہے
اور راہ آمد و شد مسدود مجبور راجہ نی کہا کہ حضرت جای اندیشہ و تردد نہین اگر
داراشاہ نی ایک گہاٹ کو روکا ہے تو اور گہاٹ بہی اوترنے کو ہی القصہ راجہ معہ فوج
ظفر موج و شاہزادگان والا تبار رود کے گہاٹ سی اوس پار ہوا اور وہان

ولی بہادر خان سردار لشکر دارا شاہ اور بندیلون اور فوج شاہزادگان سے
مقابلہ سخت درپیش آیا اور میدان کارزار خوب گرم رہا مگر سرد مہری زمانہ نے
فوج دارا شاہ کو شکست دی اور راجہ فتحیاب ہوا بموجب ان حالات کے دارا شاہ
تو مغلوب ہوکر بغرض جمع کرنی اور فوجکی سمت دہلی بہاگی اور اورنگ زیب
اگرہ پہونچکر تخت نشین ہوئے اب اورنگ زیب نے راجہ جمپت رای کی بڑی بادآوری
کی اور منصب دوازدہ ہزاری عطا فرمایا اور ایک جاگیر اور جہہ سی مولک انکو
اور وہان سے جمنا تک دی مگر بعد چندی ایک عجب تناقص سے لفظی درپیش آیا کہ اوسنے
سب معاملہ کو درہم و برہم کردیا حال اوسکا یہہ ہے کہ جب کہ سابق مین فوج شاہی
اور راجہ سی مقابلہ ہوا تھا اوسوقت مین ایک گہوڑا بلی بہا بہادر خانکا گرفتار ہوکر
راجہ کی قبضہ مین آگیا تہا بہادر خان نے اب اوسکو پاس راجہ کی دیکہہ کر استدعا
واپسی کی اور کہا کہ اوسکی بدلی ایک گہوڑا و تلوار معہ پرتلہ وغیرہ اپنی برادر زادہ کا
جو لڑائی مین مارا گیا تہا ہمسی لو راجہ کو یہہ امر کمال شاق گذرا اور کہلا بہیجا کہ گہوڑا
جو لڑائی مین حاصل ہوا ہے اب واپس نہین ہو سکتا اسعرصہ مین خبر پہونچی کہ شاہ شجاع
ایک بڑی فوج سی الہ آباد تک آپہونچا باشجاع سجال کی پیشگاہ اورنگ زیب سی بہادر خانکو
حکم کوچ اوسطرف کو ہوا بہادر خان تو اودہر کو چلی مگر راجہ جمپت رای ساتہہ نہ گیا بدریافت

اصحاب کی ایلچی شاہ بغرض استفسار حال پاس راجہ کی پہونچا اور کہا حکم ہی کہ آپ ہمراہ
بہادر خان جاوین اگر درنگ وقوع مین آیا تو منصب موقوف ہو جاویگا اور بحالت انکار
آپ بیٹے او پر خرابی لاوینگے راجہ کو یہہ حکم شاہی بہت ہی ناگوار گذرا اور اپنی جی مین
کہا کہ اللہ با تو ایک وہ دن اورنگزیب کا تہا کہ بدستیاری دکار گذاری میری یہہ سلطنت
حاصل ہوئی اور یا آج یہہ اوسکا انعام ہے اور غضبناک ہو کر ایلچی کو جواب دیا کہ مین نے
منصب و اطاعت و ملازمی شاہی سب کو چھوڑا اور اوسیوقت ڈنکا بجاتی اپنی ملک قدیم
مین آن پہونچا اور قیام اپنا قلعہ جیتپور مین مناسب سمجھکر وہین مقیم رہا اورنگزیب
نی اول واسطے تخریب راجہ کی شبہ کرن بندیلی کو صوبہ دار بندیل کھنڈ مقرر کیا
کر شبہ کرن تو راجہ سے بمقابلہ بر نہ آیا مگر فوج شاہی ہر طرف سی بندیل کھنڈ کا محاصرہ
کرلیا اب راجہ بمقام قیام دہرونی مین پہونچا جب متصل ہر دونو وارد ہوا یہان سے
نکلا سردار شاہی سے مقابلہ ہوا اب سبحان راے کی ذریعہ راجہ نی مصالحت چاہی
لیکن جب سبہ کرن کی نیت اوسمین یہہ پا گئی کہ اوڑچھہ کو وہ خود حاصل کرے
تب صلح بر نہ ٹہری پہر جب فوج شاہی اوڑچہ مین آن پہونچی اب راجہ نی کہا کہ ہمکو
نہ جای پناہ اور کہین نہ بکیہہ جانا سہرا کا مناسب جانا زیرا کہ راجہ اندرامن والی
سہرا اوسکا ایک بڑا مصاحب تہا کہ جسشانہ کہ راجہ اندرامن نے شاہ مدکنگ سردار شاہی کو

قتل کیا تہا اوسوقت پیشگاہ شاہی سے گرفتاری اندرامن کے عملین ہے آئے
ہی مگر راجہ چمپت رای نی کہ اوسوقت مین کمال مورد عنایت شاہ دہلی تہا
شفاعت کرکی اندرامن کو قید سے خلاص کرایا تہا اور ملک اوسکا بدستور اوسے
دلایا تہا فقط جب راجہ سہر مین پہونچا راجہ اندرامن نے کمال تپاک سی اوسے
لیا اسعرصہ مین فوج شاہی وہان بہی آن پہونچی راجہ اندرامن تو ماری سے گئے
اور راجہ چمپت رای وہان سے بہی آگی بڑہے آخرکار راجہ نی چہترسال کو
اجازت جانی ایک بستی کی جو بقبض و تصرف گہان ساہ بہنوی راجہ کی تہے
دی اب صاحبون دیکہو کہ جب ادبار آتا ہی عزیز و یار کوئی بہی مددگار نہین رہتا
یہان راجہ کے بہن نے ملاقات تک سے بہی انکار کیا تا بدیگر غمخواری و برادرنوازی
ناچہ رسد حالانکہ تین دن سے راجہ نی کچہہ کہایا نہ تہا اور تپ و لرزہ نی ازحد ستایا
آخر یہہ ہوا کہ جب راجہ نی کوئی صورت امن کے نہ دیکہی اور آگی سے چلے سنا کہ رستہ بہی
ہوگی کہ مخالفین سے لڑائی کی ہاتہہ لگ گیا اور بمقابلہ مجروح ہوا رانی نی جو دیکہا کہ راجہ
کا تو کام تمام ہوا اب مجہہ تک جنی تو کچہہ خواری دیکہینگے کٹار نکال کر خود ریجہ کی سینہ
پر چلائی اور پہر اسنی اپنی ہی آپ مار کر مر گئی

ذکر علو العزمی چہترسال و مقابلہ افواج شاہی سی اور مسلط ہونا بر ملک

چھتر سال کو جو کہ باجازت راجہ اپنی والد بزرگوار کی سہرا بن مقیم رہا تھا جب
خبر اس سانحہ ناگزیر کی پہونچی کمال دلگیر و مغموم ہوا ولیکن آخر جو کچھہ جزع و فزع
بیحاصل سے حاصل نسمجھہ کر بعد فراغ مراسم ضروری کریا و کرم کی چھتر سال نے
ساتھہ علو العزمی کی یہہ ارادہ کیا کہ بسعی و تلاش و قوت بازو و اختیار سفر
دور و دراز پھر آب رفتہ کو بجوی مراد لائی یعنی عزم و شان و عزت و صولت
گذشتہ کو پیدا کیجی چونکہ واسطے ایسی کامیابی کی مدد روپیہ کے مقدم ہی اور زمانہ
حالین مصرع بیزری کرد با انچہ بقا ز زر گرد مگر کچھہ تھوڑا سا اساثہ یعنی زیور مادر مرحوم چھتر سال
کا بمقام دلواری امانتاً موجود تھا اوسکے لانی کی فکر پیش نہاد خاطر کر کی انگلائی
اپنی بھائی سی مشورہ کیا اور دونو بالاتفاق دلواری گئی اور زیور کو حاصل
کر کی چھتر سال نے قبل از اختیار اور ارادہ کی شادی اپنی جو پیشتر سی منعقد تھی
کی اس اثنا مین چھتر سال کو معلوم ہوا کہ راجہ جی سنگہ حاکم دکن کو پیشگاہ شاہی
سی حکم ہوا ہی کہ راجہ کورم کل کو جسنے بارگاہ شاہی سی بغاوت اختیار کی
گرفتار کرہی اور یہہ سوچا کہ بہتر ہے کہ راجہ جی سنگہ سی جا ملی اور کچھہ کام ایسا
کیجی جو باعث نشو نما ہو اسی ارادہ سے چھتر سال نے بعزیمت اپنی سمت دکن کر کے
راجہ جی سنگہ سی ملاقات حاصل کی اور راجہ نی بکمال خوشی اوسی اپنی یہان رکھا

اور چھتر سال نے اپنی بھائی انگد رای کو بھی اپنے پاس طلب کر لیا اسعرصہ مین فرمان
واجب الاذعان شاہ ہندوستان بنام نواب بہادر خان واسطے تسخیر قلعہ دیوگڈہ
کی نافذ ہوا اور جی سنگہ کو بھی حکم ہوا کہ وہ معہ اپنی فوجکی باتفاق بہادر خان
شریک کار رہی جس زمانہ مین کہ سابق درمیان اورنگزیب و داراشاہ کی معرکہ درپیش
آیا تھا اسوقت مین میان بہادر خان اور راجہ چمپت رای پدر چھتر سال بکنارہ رود
چنبل پگڑی بدل بھی ہوا تھا اس نظر سے بلحاظ سابقہ مراسم محبت چھتر سال کو برفاقت
بہادر خان میدان رزم مین رہکر کارگذاری و جانبازی کرنا بامید مفاد آئندہ
خوش معلوم ہوا الغرض راجہ دیوگڈہ سی اور چھتر سال برفاقت بہادر خان
خوب معرکہ آرائی ہوئی ایسے کہ چھتر سال خود بھی مجروح ہوا مگر فتح نصیب
اور راجہ دیوگڈہ مغلوب لیکن باوجود ایسی ایسی جانفشانیونکی بہادر خان نے
چھتر سال کی کچھہ داد نہ دی اور نہ کچھہ قدر کی اس سے چھتر سال ازبس دل آزردہ
ہوا اور اپنے جی مین کہنے لگا کہ مین نے بباعث اسکی کہ میری باپ اور بہادر خان
سی واسطہ پگڑی بدل لینے کا میان تھا اسی اپنا دوست جانتا تھا اور اسکی ساتھہ
اپنی جان لڑا دینی مین دریغ نہین کیا لیکن ایسے بیوفا احسان فراموش سے کیا توقع
رکھنی چاہئی جو کتاب اور کباب مین کچھہ فرق نہین جانتا جب سے کہ الغرض جب سے تحقیق

ہوا جس سی ہندؤنکو بڑی ذلت وخواری نصیب ہوئی اونکی مندر مسمار کیی گئے
مورتین توڑ ڈالین اور گہر گہر پر محصول لگ گیا راجپوت مغلوب ہوگئی اور جسنے
ذرا حکم نمانا اوسپر بڑی فوج چڑہ گئی اور اوسی زیر کردیا لیکن جو کچہہ نہ چلی تو
راجہ شیوراج سی جسنی کبہی اطاعت شاہ اختیار نہ کی سو بہتر ہی کہ راجہ شیوراجکی
پاس چلئی چہتر سال یہہ عزم اپنے جیمین مصمم کرکی سب چہوڑ چہاڑ دکن مین جاکر راجہ شیوراج
سی ملا راجہ شیوراج نی چہتر سال کو بڑی تپاک سی لیا اور ملکہ واسطی مقابلہ
فوج شاہ کی چہتر سال کو اور حوصلہ دیا اور خود اپنی تلوار چہتر سال کو دی اور
سبہکرن نی بہی چہتر سال کو تحریک دی المختصر چہتر سال کا دل مقابلہ شاہ
قوی ہوا چنانچہ بعد ملاقات سوبہکرن چہتر سال طرف اورنگ آباد کی واسطے
ملاقات بہیر بلداو کی گیا اور اوس سے اپنا منشا ظاہر کیا بہیر بلداو نی بدریافت عزم چہتر سال
رفاقت چہتر سال کی قبول کی اور اون دونوں مین یہہ ٹہیری کہ ایک کاغذ پر تو یہہ
لکہی شاہ سی لڑو اور دوسری پر یہہ کہ صلح کرو اور اون دونوں مین سے
ایک اٹہوائی پہر جو فال نکلے اوسپر عمل کیجئی چنانچہ ویسا لکہہ کر اور ایک لڑکی کو بلا
کر اوٹہوایا فال یہہ آیا کہ شاہ سی لڑو اب لڑائی پر اونہی دل زیادہ بندہا
اور دونوں نے اعزم سی بلا اتفاق سنہ ١٦٧٢ مین نربدا اوترکر بندیلکنڈ مین آئی پہر تجویز

یہہ ٹہری کہ اب سالم بجی چلکر رتن ساہ برادر چہتر سال سی بہی صلاح ادراد سے
ساتہہ لیجی جب رتن ساہ سی ملاقی ہوکر چہتر سال نی اپنا ارادہ ظاہر کیا وسنے
ہرگز اس عزم و تجویز کو پسند نہ کیا اور بولا کہ دیکہو شاہ کی کتنے بیشمار فوج
ہی کتنی دولت ہے اور کیا حکومت اور تمہاری پاس نہین ہے کچہہ نہین اور نہ کچہہ سامان
سو ان خیالات بیہودہ مین مت پڑو کیا کر سکوگی بہتر ہے کہ ایسی تہیہ لا حاصل
سی درگذر و بتر دید اس سالم گفتگوی رتن ساہ کی چہتر سال نی بہت کچہہ حجتین
کین لیکن رتن ساہ کو مطبوع و مقبول نہوین اور اٹہارہ دن تک چہتر سال سمجہاتا
رہا مگر رتن ساہ نی ساتہہ ندیا اوسوقت مین چہتر سال کی ساتہہ صرف تئیس سوار
اور تین سو پیادہ تہے سواسی جماعت سے پہر وہان سی چہتر سال و بیربلداؤ دونون
ملک مین راجہ نرندبیر کی پہونچی اب رفتہ رفتہ وہ لوگ بہی جو سابق لڑائیون
مین ساتہہ راجہ چمپت رای کی رہا کئی ہی آن ملے اس اثنا مین راجہ دہربیر کہ جو
چہتر سال سے عناد سابقہ رکہتا تہا بمقابلہ چہتر سال پیش آیا چہتر سال لڑا اور فوج
دہربیر کو مغلوب کیا راجہ دہربیر نے یہہ حال دیکہکر قلعہ سکرا میں جا پناہ لی مگر چہتر سال نے
قلعہ پر بہی تسلط حاصل کیا لاچار راجہ دہربیر نے شکست فاحش اوٹہاکر اپنی لڑکی چہتر سال کو
بیاہ دی اب اس سفر کہ سی دردرازی فتح و کامیابی چہتر سال کی روا سطے کہولنی شروع ہوئے

اور ترقی و اقبال نے قدم چہتر سال کی چوم لئی بعد اسکے چہتر سال نے قبضہ رتن گدہ پر
حاصل کیا اور پہر وہانسی شروع جاکر کوندا گہاٹ پر ڈیری ڈالی پہر محمد ہاشم خان
نے باتفاق انندراو کی از سرداران بنکا چہتر سال سے مقابلہ اوٹہایا مگر کامیابی حاصل
نہوئی اور چہتر سال نے مقامات اورچہرہ و بیریرہٹ کو اپنی قبضہ مین لاکر اوسکو
لوٹ لیا اور پہر وہاسونی کیطرف جاکر لکہرنی و گہسید دیچہوا کو اپنی تصرف مین کیا
یہان ایک شخص نامی خلیق نے کچہہ فوج فراہم کی لیکن چہتر سال نے مقابلہ مین اوسے
شکست دی اور بہتیونکو قتل کرکی خلیق کو زندہ دستگیر کیا اور مقامات بانساو
بڈہی ٹپاری کو لوٹتی ہوئی داخل علاقہ باقی خان ہوا اب اس علاقہ مین
ایک روز چہتر سال شکار کر رہا تہا کہ فوج باقی خان نے چہتر سالکو آن گہیرا مگر چہتر سال نے
مار ہٹایا اور پہر وہان سے دہوم گہاٹ جاکر اور وہان سے گوپاچل کو لوٹتی ہوئی اور
بہادر خان سے لڑتی بہڑتی سیندہ سون مین پہونچکر اور کنجیا کو اپنی قبضہ مین کرکے
کٹیا مین ڈیری ڈالی یہان ہاشم خان اور انندرای چودہری نے چہتر سال سے مقابلہ
کیا لیکن بر نہ آئی اور چہتر سال اونہین زیر کرتا ہوا ہنوتہ مین پہونچا اب یہان پر رتن
ساہ بہی چہتر سال سے آن ملا اور چہتر سال کے پاس بڑی فوج بسر کردگی سرداران
جرار کی ہوگئی اس اثنا مین خلیق اور کوکا نے حالات شکست نصیبی بہادر خان وسرکشی

وبدعت واجتماع فوج چہترسال کو بحضور شاہ دہلی عرض رکہا اور وہان سے
بہت امرا کو حکم مدد دینے رندولہ و تخریب و تادیب چہترسال نافذ ہو کر یہہ سب
سرداران شاہی معہ جوق جوق فوجکی عازم بندیلکھنڈ ہو کر بمقامات دتیا و
اورچہہ و ہیردنی و سرونج و کونچ و دہامونی واندور و بہیلی بہٹیر پر پہونچ
گئی اور چہترسال سی بدفعات خوب لڑی مگر کامیابی نصیب نہوئی اور چہترسال مارتے
ہوئی ہنوٹ و متوری ہوتی اور ساگر کو لوٹتی اور رتن گڈہ کو لیتے
ہوئی اور ہرسہتون کو اوجاڑتی . دہامونی پہونچا بعد اسکی چہترسال نے بہت نوروز کے طرف
پہونچکر اون اطراف کو لوٹتا اس اثنا مین دکہن سے واسطی شاہ دہلی کی بہت عمدہ تحایف
سوگاڈیون پر آتا تہا کہ چہترسال نے قابو پاکر اوس سب اسباب کو بہی لوٹ لیا جب حضرت کو
یہہ خبر پہونچی حضرت بی انتظامی صوبہ دار پر کہ کمال برہم ہوئے رہی تہی کم سی عرصہ مین
رندولہ کی شکست نصیب اور فوج شاہی کی مغلوبی کا حال حضرت تک پہونچ گیا پہر ایک
بڑی فوج پیشگاہ شاہ دہلے سی بہ تنبیہ چہترسال مامور ہوئی مگر فتحیابی اوس فوجکی ہاتہ
حصہ نہ پڑی اخیر پیشگاہ بندگان شاہی سی تہور خان افغان کو حکم تنبیہ بندیلونکا نافذ ہوا
اسوقت مین چہترسال مقام سرا مین تہا اور ہر چند چہترسال کی شادی ہو رہی تہی کہ تہور خان
آپہونچا اور چہترسال سے مقابلہ ہو پڑا اور چہترسال اونپر فتحیاب ہو کر اور دہاموں اور دتیا

قرب وجوار کو لوٹتی رام نگر مین ڈیری ڈالی اور وہان سی پہر بار برہٹی و دہتیا و موزل
مین پہونچکر ان مقامات کو بہی لوٹتا اس اثنار مین بدفعات تہور خان و بیر بلداو و
چہتر سال سی مقابلہ ہوا مگر تہور خانکو کسی وقت مین کامیابی نصیب نہوئی پہر چہتر سال
نی دہوراساگر مین پہونچکر ڈیری ڈالی اور قصبہ دوشلیحے پر قبضہ حاصل کرکے
سردار برہٹا کو مغلوب کیا جب کہ چہتر سال نی وہان سی رود بیتوانتی سی عبور کیا
فوج شاہی وہان موجود تہی چنانچہ نزدیک موضع جٹ گڑہی کی سید لطیف سے
مقابلہ ہوپڑا کہ سید تو تاب اقامت نہ لاکر سمت دکہن کے بہاگا اور چہتر سال نے
بہت سی مقامات کو لیتی اور لوٹتی ہوئی مقام راج گڈہ پر ڈیرہ ڈالا اسعرصہ
مین تہور خان سے پہر ایک لڑائی ہوئی اور اوسنے مغلوب کر روبفرار رکہا
اور چہتر سال نی مقامات مندرجہ ذیل پر تسلط حاصل کرکی بعض کو تو لوٹ لیا
اور بعض سے روپیہ وصول کیا جا * * * * * * *

مکاولی	مستہاونی	بہلاونی	بہتاگڈہ	باری	اینٹکا	دہبجا
مہرونے	چچہاونی	گردنے	ڈلمرا	پٹہاری		

اب اسوقت مین چہتر سال کو بڑا اختیار و اقتدار حاصل ہوگیا اور اوسکے پاس
ایک ہرکارہ سے رام من تہا جو چالیس کوس روز چلتا تہا چنانچہ بارادہ قبض و تصرف

دیگر مقامات مسمی رام پن کو اسحکم سی متعین کیا کہ فوج مخالف کے ہر طرحکی خبر لگاکر اونکی
حرکات وسکنات وعزم سی چہتر سالکو وقتاً وقتاً خبر دیا کری تاکہ غنیم کی حالسی کسی
نہج پر غفلت نرہی اور پہر خود ساگر آکر آور دمہراکو اپنی قبض وتصرف مین لاکر عزم
سمت ٹوڑی کے کیا اور پہر وہان سے مقامات للہت وبیی وکوبرا پر قبضہ حاصل
کرکی مقامات نہتی وددویرا وکبری وکوڑہ وکملاسا وبرآسا کو لوٹ لیا اور
جہان کہین منصب دارونکو پایا اونکی جگہہ لی لی اور جو ہتہ وصول کرلی اور آور
بہت سی مقامات پر تسلط حاصل کرکی لوٹ مار کری جبکہ اس عسلوالعزمی وشجاعت
وغارتگری چہتر سالکی خبر بحضور بندگان شاہ دہلی پر پہونچی تب شیخ انورکی از سرداران
وامرایان شاہی واسطے انتظام تبدیل کہنڈ ولینی انتقام چہتر سال سے مامور ہوئے چنانچہ شیخ
مذکور سی اور چہتر سال سی مقابلہ ہوا یہانتک شیخ جی مغلوب ہوئی کہ ہاتھی گہوڑا زر
پیسا اسباب تک شیخ جیسے چہوٹ گیا اور خود ہی زندہ دستگیر ہوکر جب شیخ جیسی چہتر سالنے
ایک لاکہہ پچیس ہزار روپیہ لیا تب شیخ جیکو جانی دیا سو شیخ جی تو اوس بلاسے
چہوٹی اور جب بحضور شاہ خبر اونکی کارگذاری کی پہونچی تب وہان سے نوکری سی
معزول کئی گئی الغرض وست ودشمن دونون کے یہان سے مردود ہوئی اوربعد
حضور شاہ دہلی سی میرزا صدر الدین صوبہ دار دہامونی مقرر فرمائی گئی اور اونکو شاہ

ہوا کہ چہتر سال کی پاس وکیل بہجکر اوسی فہمایش کر دکہ وہ لوٹ ومار کو موقوف کرے

کہ یہہ شیوہ مصدر کمال ظلم و تعدی کا ہے میرزا صاحب تئیس ہزار فوج جرار سے دہانی

مین ہے اور چہتر سال کے پاس ایلچی بہیجا اور اوسنے بہت کچہہ حال عظم وشان میرزا کا

چہتر سال سی کہہ کر بیان کیا کہ میرزا بڑی صاحب فوج و زور و زر و مقربان شاہی

مین سے ہین آپ ان سے بر نہ آئی گا بہتر ہی کہ آپ طریقہ غارتگریکا موقوف کردین اور میرزا سے

رجوع لادین جب چہتر سال نے یہہ سنا اسطرحسے جواب دیا کہ جو تمنے کہا یہہ سب سچ ہے

میرزا بڑی امیر الامرا ہین لیکن اگر اپنی خیر مناتی ہون تو چاہیئے کہ چوتہہ مجہکو دیوین کچہہ

یہہ نیا مطالبہ نہین اگلے صوبہ دار دیتے آئی ہین اور اگر نہ دیوین گی تو اچہا نہین میرزا کو جب

یہہ خبر پہونچی بہت گرم ہوئے اور بولی کہ اگر مین چوتہہ دون تو تلوار کیون باندہون قصہ

کوتاہ میرزا جی بہی تیار ہوئے اور میدان کارزار کو خوب گرم کردیا مگر بہرسے مقسوم نی

اوس سب شور و شوری کو ٹہنڈا کردکہایا اور میرزا جی نی نہے ہار مانی پہر جبکہ چہتر سال

چہترکوٹ مین پہونچا حمید خان نے موقع پاکر سر اوٹہایا کہ چہتر سال نی مار کر بہگا دیا اور

پہر قلعہ بہیرگڈہ کو لیلی اور گردنواح پر تسلط حاصل کرتی اور رودرگڈہ کو قابو مین لاکر اور

ایرچ کو خاک سیاہ کرکی کچہہ کتار کالپی اور ی وغیرہ کو لوٹ لیا جب کہ پیشگاہ نبد گان

عالی حال تباہی میرزا جی ومغلوبی فوج واقبال بیزوال چہتر سال منکشف ہوا پہر دنان

شاہی بنام عبد الصمد کی از امرایان درگاہ اسکی سی نافذ ہوا کہ قرار واقعی تنبیہ تاد
بل تخریب چھتر سال سعرض عمل مین لاکر انسداد کلی باب غارتگری کا کردی اب عبد الصمد صاحب
جہان آن پہونچی اور چھتر سال سے لڑی اس لڑائی مین چھتر سالنی بلاد کو جانب یمین
اور رای من دوا کو جانب یسار اور اپنے تئین وسعت مین رکہکر خوب لڑا یہ لڑائی بدفعات
ہوئے اور اگرچہ اسمعرکہ سخت مین بہت سے سردار اور فوج کام آئی اور چھتر سال خود بہی
مجروح ہوا ولیکن چونکہ بخت یار اور طالع مددگار تہا کہیت پہر سے چھتر سال ہی کے
ہاتھ رہا اور عبد الصمد صاحب نے بہی پیچھا دیکھا یا جب چھتر سال کو زخموں سے صحت ہوئی
تب اوسنی ملک ہری لعل گنج سنگہ پر حملہ کرکی اوسے بیچراغ کردیا بہلول خان
باستماع واقعات مذکور دانوئے سے معہ نو ہزار آدمیوں کے کوچ کرکی چھتر سال سے مستعد جنگ
ہوا اسعرصہ مین چھتر سال مقام شاہ گڈہ مین پہونچا اور وہان مقابلہ ہو پڑا اور بہلول خان
نی شکست نصیب ہو کر اور وہان سے پہر دہامونی مین جاکر اپنے جان دیدی بعد تہوڑی عمر
کی وفات بہلول خان سے چھتر سال مقام کوٹرہ کو تسخیر کرکی جبو کو ہو نکتی ہوئے اور اور بہت
مقامات کو اپنی حیطہ اختیار مین لاتے ہوئے مہوبا پہونچا اور وہان سے کوچ کرکی سیہونڈا پر
جہان کہ مراد خان وکیل نواب دلیل خان کا رہتا تہا دہاوا کیا مراد خان بمزاحمت پیش آیا
کہ مارا گیا اور دلیل خانکی ملک مین بہی خرابی آئی اور چونکہ دلیل خان شخص متکبر تہا اور اوسکا

کبر و خود پسندی حضور شاہ دہلی ہی روشن ہتی اسواسطی کچہہ مدد اوسکو پیشگاہ شاہجہاہ
سی ہی نصیب نہوسے بلکہ ذلت و خواری ہے جب دلیل خانسے کچہہ بن نہ آیا اور کہین ٹہکانا
اوسنے اپنا نہ پایا تب اوسنے چہتر سال کو لکہا کہ جس زمانہ مین کہ راجہ چمپت رای بقید حیات
تہے تب ہمسی اور اونسے بگڑ گئے بدل سے تعنے بہائی چارہ ہوا تہا اور اب کہ پیشگاہ شاہ
دہلی سی ہے میری اہانت ہوئے اسواسطی بن تمکو کہ لڑکی راجہ چمپت رای میری
بہائی کی ہو لکہتا ہون کہ تمنے کسواسطی میرا ملک مستوجب غارتگری کی سمجہا سب جانتے
ہین کہ مجہسے اور تمہاری باپسے کیسی دوستی ہی سو تم کہ میری دوست کی لڑکے
ہو گیا تمکو واجب ہے کہ میری ملک سے تباہی لاو فقط جب چہتر سال کی پاس یہہ تحریر پہونچی
تب اوسنے فوراً دلیل خان کی ملک مین غدر سے توقف کر دیا اور جو ہاتہی مراد خان کا
مع دیگر اسباب کے لوٹ مین ملا تہا وہ سب دلیل خان کے پاس بہیجدیا اور وہانسے
چلکر اور مقام مٹونڈا کو اپنی قبضہ مین لاکر جو ہتہ حاصل کئے اور پہر وہان سی طرف
دامنی کی روانہ ہوکر اور مقامات کوٹرا و بکہرا و ہلکائی کو لوٹتے مقام تولی
پر ڈیرہ ڈالی انشاہ قلی خان ایک بڑی فوج سے عزم رزم آور کیا ساتہہ چہتر سال
کی کیا اور افغان عبد الصمد خان کو یہہ حال سنکر بڑی خوشی حاصل ہوئے اور عبد الصمد خان
اول چار سو سوار سی مقام پہاڑی پر گیا اور تہا پر اوسنے فوج واسطی مقابلہ بندیلون

کی جو تھوڑی سی فاصلہ پر تھے جمع کی آخر کار چھتر سال اور عصمد خان سے ہنگامہ
کارزار خوب گرم رہا مگر ثمرہ اوسکا یہہ ہوا کہ فوج شاہی کو پھر شکست ہوئی اور چھتر سال
کہ خود بمقابلہ عصمد خان پہنچ گیا تھا اوسپر دوڑ کر چلا تھا کہ اوسی ہلاک کرے
کہ اوسیوقت سید عبداللطیف عصمد کی مدد پر پہونچکر چھتر سال سے ملتجی ہوا کہ جو یہہ بلک
کا لبچی اور عصمد کی جان بخشی کیجئے چنانچہ یہان تو عصمد خان نی چوتھہ کا دینا قبول
کرکی جان کی امان پائی اور وہان بمجرد استماع حال عصمد خان بنگاہ شاہی سے موقوف
اوسکی عملین سے آئے و شاہ قلی بجای عصمد خان بحکومت دہانی مامور فرمایا گیا چنانچہ
شاہ قلی نی باتفاق راجہ نند مئو پر پہونچکر تال کو جسمین چھتر سال رہتا تھا تسخیر
کیا اوسپر بڑا معرکہ درپیش آیا راجہ نند تو مجروح ہوا اور شاہ قلی نی زندہ دستگیر
ہوکر اقرار دینے چوتھہ اور آٹھہ ہزار روپیہ علاوہ کا کیا الغرض جیسا کچھہ کہ اوپر ذکر
سارا اِن کا ہو چکا ہے کہ اپنی ماکو خواب مین آکر کہا تھا کہ مین پھر اوتار ہونگا اور
جب پیدا ہونگا مسلمانون سے انتقام حاصل کرونگا سو ویسا کچھہ عہد مین آیا حضرت
چھتر سال رُخ اوٹھاتا تھا فتح و کامیابی استقبال کو آتی ستے بخت یار و طالع
مددگاری اوسی تھے ہی دیکھتے کچھہ ایسا اختیار و اقتدار پیدا کر دیا کہ چھتر سال ایک
بڑا راجہ صاحب بروز گار ہو گیا اور بڑا نام اوسنے پیدا کیا لیکن سے سامین چار و ناچار حالات

امصار و دیار ہ دنیا خوابی است کش عدم تعبیر است * صید اجل است اگر جوان و پیر است
ہم روی زمین پر است و ہم پشت زمین * این صفحۂ خاک پر ز دور و تصویر است
آخر کار یہہ دار فانی عجب تماشا گاہ ہے اور اسمین ہر وقت و آن مین ایک نئے انقلاب
کو راہ ہی کہ عقل خوردہ بین و باریک شناس کو کچھہ یارا نہین کہ اوسکو دریافت کرسکی جل
شانہ کیا قدرت کاملہ اوسکی ہے کہ ایک آناً فاناً مین چاہے جسکو نہال کردی اور چاہے
جسکو پامال انسان بہت کچھہ تدبیرین کیا کرتا ہے لیکن جو اوسکی رضا ہوئے ہوتا ہے
سبحان اللہ کیا نیرنگی اوسکے قدرت کاملہ کی ہے کہ جسکو چاہی ایکدم مین فلک
الافلاک پر پہونچا دی اور اگر نچاہی تو خاک مین ملا دی نادر کا حال سنا ہوگا کہ اصل مین کیسا
تہا اور تہوڑی عرصہ مین کیا ہوگیا اور پہر یک گردش چرخ نیلوفری * نہ نادر بجا
ماند و نہ نادری گر باوجود اسکے بی ثباتی و بی اختیاری کی یہہ غفلت عالم کی عجب کیا
کچھہ نادان اپنے خودی و خود پرستی کا ہے کہ اپنی آگی کسیکو خیال مین نہین لاتا اور نہین جانتا
کہ ای یار درین خرابہ پر شر و شور * تا کی بجہات خویشتن باشی مغرور * کردہ
است در نخراہ چیلہا اجل * در ہر قدمی ہزار بہرام بگور * غرض اس تمہید سی یہہ ہے
کہ دیکھو پچہتر سالنی کیسی کیسی کام کیی اور کیا اقتدار پایا لیکن آخر کار خاک ہے
مین ملا اور بعد پچہتر سال کے پہر وہ بات نرہی اگرچہ اوسنے بمقتضای ہوشیاری

و دور اندیشی اپنی حیات مین اپنی ملک کو اسطرح پر اپنی اولاد کو دیا تھا اور
اوسکے واسطی حکام و مددگار رہے مقرر کر دیا تھا کہ بعد اوسکی جہت بہت انقلاب نہو
مگر اس بندیلکھنڈ مین پھر اس بلہ کو ضعف آ گیا اور اب سمین رفتہ رفتہ خلاف پیدا
ہوتا چلا کہ قدرت وزور ریاستونکا اسدرجہ کو پہونچ گیا جیساکہ سب دیکھتے ہین

ذکر تقسیم ملک بندیل کھنڈ بحیات چھتر سال

راجہ چھتر سال کے چار لڑکے ہردی ساہ جگت راج پدم سنگھ بھارتی چند تورے
اول سبھے اور بتیرہ زنان منکوحہ و غیر منکوحہ سے اور گو کہ لوگ کہتے ہین کہ راجہ چھتر سال کے
باون لڑکے تھے مگر کچھہ صدقت اوسکی معلوم نہین ہوتی چنانچہ راجہ چھتر سال نے
قبل از وفات خود کہ بمقام پنا ظہور پایا اور وہان ہنوز اوسکے یادگاری لئے
ایک سمادہ موجود ہے اسغرض سے کہ بعد میری رہے میری اولاد ساتھ اختیار و اقتدار
کی بلاخوف ہمدیگر راج کری اور راج مین فتور و انقلاب پیدا نہو اور نہ کوئی اجنبی
قوی تابو پاکر تسلط پیدا کرلے یا اپس کے بہوت نبیاد نہ بگڑے اپنی ملک مقبوضہ کو
تین حصون پر منقسم کیا اسطرح پر کہ اپنے دو لڑکون ہردی ساہ و جگت راج کی
واسطی دو راج نامزد کرکی دونوکو مع مقامات متعلقہ ہر ایک کے دیا ہردی ساہ کو تو
راج پنا اور جگت راج کو راج جیت پور اور تیسرا حصہ باجی راو پیشوا اول پونا کو اپنے

شرط پر کہ پیشوا ہر حال و آئندہ اوسکے ورثار و جانشینونکو اونکی اپنے ملک پر متسلط

رہنی دیوین اور اگر کوئی مخالف پیدا ہوکر ملک لے لیا چاہے تو پیشوا اونکے

مدد کرین ؁ **ذکر اولاد ہردی ساہ وراج پنا** ہردی ساہ کے دو لڑکے تھے

پرتھی سنگھ جسکو پیشوا نی راجہ گڈھ کوٹہ کا جسکے آمدنی اوسوقت مین چھ لاکھ کی تھی	سبہا سنگھ جو بعد ہردی ساہ کی قابض راج پنا پر ہوا

راجہ سبہا سنگھ سے تین لڑکے پیدا ہوئی امان سنگھ ہندوپت کہیت سنگھ

چنانچہ ہندوپت نے بطمع راج امان سنگھ کو قتل کیا اور آپ متسلط راج پر ہوکر کہیت سنگھ

کو نیز قید کیا سو امان سنگھ اور کہیت سنگھ تو دونو لاولد مری اور ہندوپت سے

تین لڑکے پیدا ہوئے ؁

رانی کلان سے	دوسرے شادی سے انیرد سنگھ

انرده سنگھ	دہوکل سنگھ

ہندوپت نی وصیت نامہ مین انرده سنگھ کو اپنا جانشین نامزد کیا اور ایام

خورد سالی انرده سنگھ تک بینی حضوری کو اوسکی دیوان بیجے کامدار اور قائم جی

چوبی کو خزانچی و قلعدار کالنجر مقرر کیا یہہ دونون مدار المہام اور منتظم

راج کی تھے مگر ایسے مین اون دونون کے نفاق پیدا ہوا اور ہر ایک نے کل اختیار بنی

نسبت چاہا اب قایم جی نی جسکو بنسبت بنیسی حضوری کی ضعف حاصل تھا
بنیسی حضوری سی منافق ہوکر جانب سرمید سنگہ کی بدعوی راج بگڑ کے
ہمراہ وسکا۔ اگرچہ اسکے بہوت اور گہر کی تعبیض نی فتنہ خفتہ کو بیدار کردیا حتی
کہ بدفعات لڑائیان اور باہمدگر خونریزیان ہوئین کہ اسم اثنا مین اندہ سنگہ
اسد یار فانی سی چل بسا اور اب دونون نی اسغرض سے کہ دہوکل سنگہ
خوردسال ہے اگر یہہ راج پر بٹہلایا جاوے تو اون دونون کا اختیار وحکومت بدستور
قایم رہے گی ارادہ راج پر بٹہلانے دہوکل سنگہ کا کیا کہ بواد ید استحال کے
سرمید سنگہ کمال یاس دامنگیر حال ہوا اور آخر الامر اوسنے نوبی ارجن سنگہ سے
جو اوسوقت مین سردار فوج راجہ گمان سنگہ باندوالی کا جسکا ذکر آگی آویگا
تہا مدد چاہی کہ نوبی ارجن سنگہ نے امداد قرار واقعی سرمید سنگہ مایوس الوقت کی کرکی
دہوکل سنگہ کو راج سی خارج اور سرمید سنگہ کو مسند نشین راج کردیا اور بجلدوی
اس حسن خدمتی ومددہی کی اوسنے بہت کچھہ حصہ راج پنا لیکر ملک مقبوضہ بخت سنگہ
لڑکے گمان سنگہ مین جسکا وہ منتظم تہا شامل کردیا پہر کچہہ دنون بعد سرمید سنگہ
راج نگر مقام خاص پرگنہ لوہڑی مین جو ابتدا مین بندوبست باپ سرمید سنگہ کی
اوسی دیا تہا گیا سرمید سنگہ کو ایک عورت قوم اسلام سے ایک لڑکا پیدا ہوا تھا جسکا نام اوسنی

ہیرا سنگہ رکہتا تہا اور سرمید سنگہ کا دیوان جسکی سنائی جی تہا جسے سونا سنا ہے
ہی کہتی تہی سو سرمید سنگہ نے اسیمقام مین ہیرا سنگہ کو بجماعت دیوان چہوڑ کر وفات
پائی دیوان جی جو یہہ قابو اور وقت پایا تو کچہہ نہ ہے اونہین خیال وفاداری اپنی
آقا مرحوم کا نہ آیا اور بندیلو نمین پہوٹ اور بندیل کہنڈ مین غدر تو پہیل سے چلا تہا
سو دیوان جی نی خود علاقہ پر تسلط کر لیا اور ہیرا سنگہ کو لاچار میر خان کے پاس پناہ
لینی پڑی مگر پہر کشور سنگہ لڑکا زن غیر منکوحہ راجہ دہوکل سنگہ راج ملا اور رسنا جی کا
قبضہ چہتر پور پر رہا مگر بسبب بعض بد خصال کے کشور سنگہ راج سے خارج ہوکر پرسرام
قایم ہوا اور بعد راجہ پرسرام کی راجہ نرپت سنگہ جو اب موجود ہین اور قلعہ کالنجر کا
معہ مقامات متعلق اوسکے بعد قایم جی اوسکے لڑکے رام کشن کے قبضہ مین رہا کہ جسکا ذکر آگی آویگا

ذکر اولاد جگت راج و راج جیت پور معہ معرکہ ہای عجیب و غریب

جبکہ راجہ جگت راج مسند نشین راج جیت پور رہا اوسکے تہوڑی عرصہ کے بعد محمد خان بنگش
نواب فرخ آباد نی یہہ ارادہ پیش نہاد خاطر کیا کہ اطراف بندیلکہنڈ کو اپنی قبضہ
مین لا کر شامل اپنی ملک کے کر لیجیے چنانچہ اس ارادہ سے نواب مذکور نے ایک بڑی فوج
بسر کردگی سردار دلیل خان بندیل کہنڈ پر بہیجی جب یہہ خبر راجہ جگت راج کو پہونچی
وہ بہی اپنی فوج جو اوسوقت مین قریب [illegible] ہزار کی تہی جمع کر کی مقابلہ پیش آیا

مقام نادیپور پا پر صبح سی شام تک ایک معرکہ سخت در پیش آیا مگر جب کہ راجہ جگت راج کے
فوج مین راو رام سنگہ سردار سو گرا اور قریب بارہ سو آدمیونکے ماری گئی فوج راجہ
جگت راج میدان لڑائی سے ہٹ آکر مقام قیام مین پہونچے ولیکن راجہ کا پتا نہ لگا کہ کہان گیا
رانی امر کنور زوجہ راجہ نے بخوف اسکے کہ کیا جانی راجہ کا کیا حال ہوا بہت تلاش راجہ کے
کرائی مگر کہین نشان نہ پایا تب یہہ خیال مین آیا کہ شاید کہین راجہ لڑائی مین کام آئے
چنانچہ پہر رانی نے خود فوجکو اسیوقت حکم تیاریکا دیا اور آپ تیر وکمان لگا کر ہاتہی
پر سوار ہوکر فوجکو میدان جنگ پر لیگئی اب پہر لڑائی شروع ہوئی اور ایسی ہوئی کہ دلیل
خانکو پیچہا دیکہانا پڑا اور میدان سے بہاگا جب کہ دلیل خان مغلوب ہوا اور مفرور ہوا تب رانی نے
خود راجہ کی تلاش شروع کی کہ ڈہونڈہتی ڈہونڈہتی راجہ ایک جگہہ سخت مجروح بحالت بیہوشی
ملا چنانچہ راجہ کو بسواری پالکی بمقام جہام لا کے زخم سئی گئی اور تدبیر صحت راجہ کے عمل مین آئے بعد
آدہی رات کے راجہ کو ہوش آیا اور پہلی جو آواز راجہ کی موہنہ سے نکلی یہہ تہی کہ کون جیتا جب کہ
اسکو رانی کی شجاعت اور محبت کا حال معلوم ہوا پہولون نہ سمایا اور کہنے لگا کہ کیون نہو بی بی
شک لڑکے پہری بعد پہر چند سالکا نام جگاوینگے اسعرصہ مین دلیل خان پہر بمقابلہ جگت راج
آپہونچا اور متصل قصبہ مودہا کے دونون مین ایک بڑی لڑائی وخونریزی واقعہ ہوئی اور قسم
تو دلیل خانکے ہوتی دکہائی دیتے تہے کہ اسیعرصہ مین عین معرکہ مین دلیل خان مجروح ہوکر مر ا

فوج دلیل خان بیطرح بہاگی کہ راجہ جگت راجکو فتح نصیب ہوگئی اور بحالت تعاقب
بہت سی فوج دلیل خانکے مقتول ہوئے جب کہ نواب محمد خانکو خبر اس واقعہ کی پہونچی
تب وہ خود مع جوق جوق فوجکے حملہ لایا اور بدفعات لڑکر اور راجہ جگت راجکو شکست
دیکر ملک بہر مین گہوم پڑا اور دہوم مچادی اور راجہ جگت راجکو لاچار جنگلون اور پہاڑون
مین پناہ لینی پڑی جب جگت راجکو تاب مقاومت ومقابلہ ساتہہ نوابکے باقی نرہی
اوسنے وکلا بحضور پیشوا باستمداد بہیجی کہ بعد پہونچنے وکلا جگت راجکی باجی راؤ
پیشوا نے خود بڑی فوج لیکر پونا سے نہضت فرمائی اور جب وارد دیار بوندیل کہنڈ
کی ہوئے تمامی سرداران بوندیل کہنڈ ساتہہ باجی راؤکی متفق ہوگئے اور باجی راؤ نے
اسفوج عظیم اپنے وسرداران بوندیل کہنڈ سے نواب پر حملہ کیا اور نواب تاب
مقابلہ نہ لاکر قلعہ جیت پور مین چلا گیا اور باجی راؤ نے وہان پہونچے اوسکا پیچہا نچہوڑکر
قلعہ کا محاصرہ کرلیا بدفعات قلعہ پر دہاوا ہوا اب نوابکے پاس سامان کہانے پینے
کا کچہہ نرہا اور بیماری بڑہ چلے اور فوج نواب مین ہل چل پڑگیا اور نوبت
فوج تک نواب کو ذبح کرکے کہایا اور کچہہ دن اوسپر گذرے لیکن تمام بنا ہوگا
کہ آدمی اناج کہائے سب کچہہ نہین آئے تب نواب نے صلح چاہی اور رسالت مہداجی کی کے
اور عرض کہا کہ اب کبہی ارادہ بوندیل کہنڈ کا نکرونگا بشرطیکہ مجہکو اوسکو اجازت دی ہو

کو فرخ آباد کو چلی جاو نواب تو فرخ آباد کو سدہاری اور پیشوائی مطالبہ معمولی پانچ ہزار
یعنی جو حسب معمول بندہا تہا وصول کر گئی ایک زن نوجوان قوم مسلمان کو جسکا نام
مستانی صاحبہ تہا پونا کو اپنی ساتہہ لیگئے وہان اوس سے شمشیر بہادر پیدا ہوئے
جو بعمر ستائیس سال ایک لڑکا علی بہادر چہوڑ مری اور علی بہادر سے شمشیر بہادر
پیدا ہوکر اور بعد اونکی ذوالفقار علی بہادر بہائی شمشیر بہادر جانشین ہوکر
پہر ذوالفقار علی بہادر سے علی بہادر پیدا ہوئے جو نواب صاحب باندہ کی کہلائے
ہین اور بمقام باندہ مین موجود ہین فقط جبکہ یہہ سب واقعات گذر گئی تب یعنی نواب
مغلوب ہوکر فرخ آباد گئی اور پیشوا پونا کو لوٹی تہوڑی عرصہ مین دیوان کیرت سنگہ
لڑکا راجہ جگت راج کا نہایت بیمار ہوا رانی امر کنور نی راجہ سے کہا کہ دیوان کیرت سنگہ
کی آرزو ہی کہ قبل از وفات راجہ کو دیکہے راجہ بحالت نزع پاس دیوان کے گیا
جب دیوان نیم جان نے دیکہا کہ راجہ ہے تب اونہی اپنا راجہ کی قدم پکڑنی کو اوٹہائے
راجہ نی حال اوسکا روبرو دیکہکر جانا کہ اب دیوانکا آخری وقت ہے اور بادل پر درد
کہا کہ اب تمہین استحکام چاہئے جو تمہین مجہہ سے کہنا ہے ہو سو کہو وصیت کیا جاویگا جب کیرت
سنگہ نی اپنا ہمہا سنگہ کا ہاتہ پکڑ کے کہا کہ جبتک مین مر جاون تب اس لڑکے کو تم اپنی پاس رکہیو اور یہہ
کہتی کہتی دیوان کیرت سنگہ نی وفات پائی اور راجہ نی بنہایت شفقت ہمہا سنگہ

کو دیوان سوائی کا خطاب دیا اور لچمن سنگہ بخطاب دیوان سوائے مشہور ہوا
پہر بعد انقضای ایامی چند راجہ جگت راج ہی بمقام موتنصل مہونا بیمار پڑا اور دو سے
بیماریمین سمت ۱۸۷۵ و ۱۸۱۸ عیسوی مین راہے ملک عدم ہوا فقط

ذکر تسلط راجہ پہار سنگہ راج جیت پور پر و واقعات عجیب

پہار سنگہ لڑکا راجہ کا جو مقام واقعہ پر موجود تہا بڑا ہوشیار و عقیل تہا اوسنی دیکہا
کہ لچمن سنگہ کیواسطی جانشینے پیشتر ہی ٹہی ہوئے سو اب ایسے تدبیر معقول کیجیی جس
سی راج پائے اور اوسکے آرام اوٹہائی چنانچہ پہار سنگہ لاش راجہ کی پالکے مین لیکر جیت پور
مین لے آیا اور وہان پہونچکر یہہ مشہور کیا کہ راجہ بہت بیمار ہین اور پالکے کو سیدہی مکان مسکونہ
سابقہ راجہ مین لیجاکر لاشہ کو بحفاظت تمام والدہ بہی رانی اور جہہ کی کہا اور حکم دیا کہ
کوئی اسکا ئین نہ جانے نہ بادی اور آپ خود وہان سے آکر اور پورانی معتمد وشلو بلاکر اون سے
کہا کہ تم بہت عرصہ سے میری نوکر رہے ہو سو اب مین تمہاری اعانت و حمایت ایک امر
مین چاہتا ہون اونہون نے جواب دیا کہ ہم حاضر ہین وہ کیا مشکل ہے ارشاد فرمایئے
کہ آسان ہو تب پہار سنگہ نی حال وفات راجہ جگت راج کو ظاہر کرکی بیان کیا کہ مین چاہتا
ہون کہ ایسا بندوبست کرو جس سی مین مسند نشین ہو جاؤن اور دیوان سوائے
جو اوس زمانہ مین موضع نوجگی متصل اجی گڈہ کی مقیم تہا قابو گدی نشینی کا نہ پاسکے

تب متعمدون نی یہہ عرض کی کہ سرداران فوج جگت راجکو فراہم کرکی اونکے مرضے
لینی چاہئی کہ آیا وی ممد دعوی بہار سنگہ دہنگی یا نہین کیونکہ اگر وی متفق ہوگئے
تو سب مشکل آسان ہی ورنہ وقت القرض جمیع سرداران فوج جگت راج نے
قلعہ کی باہر جمع ہوئے اور اونکو کہا گیا کہ راجہ بہت بیمار ہین اسواسطے یہہ پوچہا جاتا ہے
کہ شفقے کی راہ سی بعد راجہ کی گدی کسکو پہونچتی ہی اونہون نے جواب دیا کہ دیوان
سوائے اگمان سنگہ کو کیونکہ راجہ جگت رام خود اوسی وارث و جانشین کردیا ہے
جب دیکہا کہ سب کے نظر گمان سنگہ پر ہے اب اس زور مین صرف زر ہی کام کرنیکا تب متعمدان
نی سرداران فوجکو یہہ امید دی کہ اگر تم مسند نشینی بہار سنگہ مین ممد رہو تو تمہین چوگنی
تنخواہ ملی گی اور تمہارے خاطر و پرداخت ملحوظ نظر رہے گی سو جو سنا ہو کہ جسکے
ڈوبی اوسکا سب کوئی اب بہی مسند نشینی بہار سنگہ کے حامی بہرے اور اپنی رضا دی
اور کنور رگہبر سنگہ و سیناپت و ہرسنگہ دیو و دیگر فرزندان راجہ مرحوم نی بہی
اپنی اپنی مہرین اس امر مین کردین کہ بہار سنگہ کا راجہ ہونا اونہین منظور ہے اور گمان سنگہ
اگر مقابلہ آیا تو وے شریک بہار سنگہ کی رہینگے جب کہ بہار سنگہ کو تقویت کامل
ہوگئی اوسنے پنڈت مہتر سیر کو بلاکر پوچہا کہ آپ بتلائی کہ ساعت سعید مسند نشینی
کی کون سی ہی چنانچہ واقعہ ماگہہ سدی پنچمی سمت ۱۸۱۵ و ۱۷۵۷ع روز ... از روے حساب نجوم

ون کی تجویز ہوکر اوس روز بہار سنگہ مسند نشین راج ہوا اور شادیانے بجاوکی
صدا ہوئین اور شادیانہ بجی بہار سنگہ کو خزانہ مین چہیانوی [۹۶] لاکہہ روپیہ نقد واسباب
اور جواہرات بیشمار مالیت کثیر کا ملا چنانچہ بہار سنگہ نی پینتالیس [۴۵] لاکہہ روپیہ خیر و انعام مین
صرف کیا اور پہر لاش راجہ مرحوم کی بلا تامل گہاٹ پر متصل ٹیہری کی
لیجاکر جلائی گئی اور رانی اور چہہ سات آدمی زنان مدخولہ اوس لاش کی ساتہہ ستی
ہوئین جب کہ کمان سنگہ کو ان سب واقعات پر آگاہی ہوئی کمال آشفتہ ہوا
اور فوراً مع فوج کی کوچ کرکے جیت پور سے بفاصلہ پانچ کوس کے آپڑا اور بہار سنگہ
کو کہلا بہیجا کہ تمنے فریب سے میرا حق حاصل کیا ہے سو مین جب تک کہ جیت پور پر قبضہ حاصل
نکر لونگا پگڑی نہ باندہونگا سو لئے چاہئے کہ یا تو راجکو چہوڑ دو یا سامنا کرو بہار سنگہ نے
بجواب اسکے کہلا بہیجا کہ تم اور تمہاری بہائی کہمان سنگہ دونون لڑکے ہو تمہارا کچہہ
راج پر حق نہین تمہارا باپ راجہ نہ تہا تمکو اس راج پر جو میری باپ کا ہے کیونکر دعوے
پہونچ سکتا ہی گمان سنگہ تو ہمیشہ سے مینے اپنا فرزند جانا اور میرا ارادہ تہا کہ مین اسے
جاگیر پرگنہ دو اکی جو اوسکے باپ کے قبضہ مین تہا دون لیکن اب روش حال گمان سنگہ سے
ان حالات کے دیکہنے کر سواے جنگ اوسی کچہہ جاگیر دے گے نہ زمین کہین بیٹہنے کی جگہہ ہو گا کدی
نشین نہین ہو سکتا ہی سو بہتر ہی کہ تم یہان سے چلی جاو ورنہ تمہاری حق مین اچہا نہوگا

اگرچہ یہہ جواب راجہ کا گمان سنگہ کی پاس پہونچا مگر لال دیوان کا مدار عہد جگت سنگہ راجہ نے
یہی چاہا کہ جو راجہ مرحوم کو منظور تہا وہی ظہور پذیر ہو لہذا اوسنی راج تلک ماتہے پر گمان
سنگہ کی لگا کر اوسی راجہ جیت پور کا نامزد کر دیا اور پہر اسیطرح گمان سنگہ تہے بنام نو
راجہ مشہور ہوا مگر پہار سنگہ کی حکومت مین کہ راجہ پر متسلط ہو گیا تہا کچھہ خلل نہین پڑتا
اسعرصہ مین راجہ گمان سنگہ و راجہ کہمان سنگہ نی سر شورش اوٹہا کر پہا تک علاقے جیت پور
پر لوٹ مار کرنی شروع کی پہار سنگہ نی جو اد یہ اسحال کی فوج آراستہ کر کی مقابلہ کیا کہ
وی دونون ضعیف الحال سنا سنا پڑنے پر رفوچکر ہوی پہر جب کچھہ سال گذر
گمان سنگہ کو اوسنکی سوجہی اور پہار سنگہ سے لسنا ارجکی کی لیکن وہ ہی جواب پایا پہر
پہر دونون بہائی بمقام سوپائے اور سوار واسطے غارتگری اطراف جیت پور کے
آموجود ہوئے کہ بدریافت حالات غارتگری پہار سنگہ نے بارادہ سرکوبی مقابلہ کیا اور ایک
معرکہ سخت درپیش آیا مگر آخر کار گمان سنگہ اور کہمان سنگہ دونو کو عورتون تک
چہوڑکر بہاگنا پڑا اور سب اسباب وحرم اونکا پہار سنگہ کے قبضہ مین آیا مگر چونکہ زنیان
دونون مغرورون کی عزیزان پہار سنگہ سی تہین پہار سنگہ نے ہر طرح اونکی پاسداری
کی اور اونکو باعزاز تمام جیت پور مین بہیجکر اونسے دریافت کیا کہ اگر پاس ا
شوہرونکے جانی پر راضی ہون تو بہیجدی جاوین چنانچہ اونہونے اپنی رضا و مین ظاہر

اور پہار سنگہ نے اوسہین سا اچہی طرح بسوارے ہاتہی پالکی بمقام چلا تارا جہان وے
ستیم ستے بہیجدیا اور پہر کچہہ عرصہ تک پہار سنگہ نی گمان سنگہ کیطرف سے دعوی راج
کا اس اثنا رمین گمان سنگہ نے نواب نجیب خان سی موافقت پیدا کر کی واسطی حاصل
کرنی جیت پور کی مدد چاہے اور نواب نے اپنی تیغ قوی جانکر باتفاق راجہ
سمت ۱۸۱۶ و سنہ ۱۱۷۶ع مین جمنا سی عبور کر کے موداہامین ڈیری ڈالی اور یہان سے راجہ پہار سنگہ
بمقابلہ مخالف چڈہ کر بمقام کنڈیلا مقام کیا مگر نواب نی قبل از جنگ حصول مطلب کو
بحالت امکان براہ مصالحت مناسب جانکر راجہ سی کہلا بہیجا کہ بہتر ہے کہ صلح
کر لو ورنہ مقابلہ مین برنہ آوگی میری قوت و قدرت ظاہر ہے کہ بائیس ۲۲ لڑائیون
پر فتح پا چکا ہون لیکن راجہ نے بجواب اوسکے کہلا بہیجا کہ یہہ سب سچ ہے مگر وہ
آوین آور میرا اونکا سامنا ہو الا کل کے روز بوجہہ پیش آمد اسور مذہبی البتہ لڑائیکو
فرصت نہین ہے پہر نواب نے یہہ حال سنکر خیال کیا کہ کل سے بہتر دن نہ ملیگا کیونکہ
راجہ معذور ہے بہتر ہے کہ کل ہے میدان رزم کو گرم کر دیجئی الغرض دوسرے دن
نواب نے عزم رزم کا کر کی گولہ اندازے شروع کی اور پہلے گولہ کی پہونچتے ہے
پہار سنگہ جو کام دکرم مذہب اپنے کا کرتا تہا اوس سب کو چہوڑ چہاڑ مستعد بمقابلہ ہوا
اور ایسا لڑا کہ نواب کے میدان اوجہڑ کر پیچہا دکہانا اور بہاگنا نصیب ہوگیا اور سپاہان

نواب کا پہار سنگہ کی ہاتہ آگیا اسعرصہ مین راجہ کو خبر پہونچی کہ دیوان گہڑک راۓ مجروحان
ومفروران نجف خانکے پیچہے پڑا ہے اور اونہین ہلاک کرتا ہی چنانچہ بدریافت اسکے سخت
ناراض ہوا اور اوسنے دیوانکو حکم امتناع دیکر نواب کو اطلاع دی کہ اپنی آدمی مجروحونکو
لیجانیکی واسطے بہیجدیوین اور تا بہت بخنے جواب تو نواب نے سب مجروحونکو اپنے ڈیرہ مین
رکہا اور اونکی زخمونکو دوخت کرایا اور اونکا معالجہ کیا انور مٹہائی کہانیکو دی
پہر جب نواب کے آدمی اونہین لینے کو آئے اچہی طرح سے اون سب کو نواب کے پاس بہیجدیا
نواب تو اپنی ملک کو واپس گئے اور پہار سنگہ بدستور بے مزاحمت اغیار باختیار خود
راج و دربار کیا کئے فقط *

ذکر وفات راجہ پہار سنگہ و تقسیم ملک بجہات اوسکے

سمت ۱۸۱۲ و سنہ ۱۱۶۵ء مین پہار سنگہ بیمار ہوکر مہوبا سے کل پہار کو روانہ ہوا اور وہان
سے کتابت بطلب گمان سنگہ و کہمان سنگہ اس مطلب سے مرسل کی کہ اب میری دن
زندگی کی تہوڑے سی معلوم ہوتے ہین اسسے مین چاہتا ہون کہ پیشتر اپنے مرنی کی ملک
راجہ جگت راجکو تقسیم کر جاون تاکہ بعد میرے صلح کل پیدا ہے بوصول اسکی وی
دونو آپہونچی اور پہار سنگہ نے ملک کو اسطرحسے تقسیم کیا کہ آپ تو اوسنے راج
جیتپور کو سہا اور مقامات متعلقہ کے کہ جسکے آمدنی اوسوقت مین قریب [illegible]

تیرہ لاکھہ کی ہوگے لیا اور گمان سنگہ کو اوسنے جاگیر باندے کی بقدر سولہ لاکھہ
کی اور کہمان سنگہ کو چرکہارے بقدر سوا نو لاکھہ کے دی کہ گمان سنگہ تو
راجہ باندی کا ہوگیا اور کہمان سنگہ چرکہاری کا راجہ کہلایا الغرض اسطرحسے راج
جگت راجکو تین حصون پر تقسیم کرکی اوسی سال پہار سنگہ نے وفات پائی پہار سنگہ
کی دو لڑکی تہے گج سنگہ و مان سنگہ چنانچہ بعد وفات پہار سنگہ کے گج سنگہ
مسند نشین ہوا اور بعد گج سنگہ کیسری سنگہ اور بعد کیسری سنگہ کی پارچہت اور بعد
پارچہت اور راج جیت پور کا حال ہوا اوسکا ذکر آگی آویگا اور مان سنگہ کے
دو لڑکے تہے پنج سنگہ و کہیت سنگہ کہیت سنگہ لاولد مرا اور پنج سنگہ نے کچہہ جگہہ پائے
کہ اوسکے بعد اندرہ سنگہ قابض ہوا اور مرسنگ دیو اور لڑکے جگت راجکو قلعہ بجور سے
معہ چہوتی سے علاقہ کی ملا اور کیسر سنگہ جی بعد برسنگ دیو قابض ہوگئے اور علاقہ بڑا لیا انتظ...

ذکر چڑہائی فوج نواب وزیر صوبہ اودہ کا بندیل کہنڈ پر

اب بعہد راجہ گمان سنگہ کی نواب وزیر اودہ شجاع الدولہ نے عزم تسخیر
اطراف بندیلکہنڈ پیش نہاد خاطر رکہہ کر اپنی فوج بسر کردگی کرامت خان و راجہ ہمت بہادر
کی بہیجی یہ فوج بمقام تندواری جو مقام باندا سی بفاصلہ تخمیناً سات کوس سمت شمال کے
واقع ہی آپہونچی راجہ گمان سنگہ می اپنی تیئن تنہا کافی و قوت بمقابلہ غنیم نجانکر ...

ہندوپت پناوالی اور بندیلوں سے استعانت چاہے کہ بسبب اعانت راجہ گمان سنگھ کے
کی بالاتفاق مقابلہ فوج نواب وزیر کا کیا اور ایسی توپ پڑی کہ فوج نواب وزیر
کو شکست فاحش ہوکر کرامت خان و ہمت بہادر کو بامعدودے چند بھاگنا پڑا اور کنارے
دریای جمن پہونچکر اور گھوڑی ڈالکر اوس پار اوترگئی اور جو گنیا چار ہزار کے
انکی فوج سے تھے سو قریب تیس کے سب کام آئے فقط

ذکر نفاق باہم راجگان بوندیل کھنڈ و خونریزی باہمی

بعد اسکے آپس مین راجہ پنا و باندا وغیرہ کی نفاق نے اتفاق کیا ہر ایک نے کل حکومت بندیل کھنڈ
کی بسبب اپنے اور تخریبیت دوسرے کی چاہی الغرض ہی مین لڑائی بڑہنے اور حکومت گہٹنے
چلی پہلے لڑائی مقام مرول پر شروع ہوے اور یہان ہمت بہادر کے احمد خان نواب
نزہون پر حملہ کیا یہہ جاگیر ایک راجہ ای سابق پنا نے رحیم خان و احمد خان کے باپ کو
دی تھے سو راجہ ہندوپت نے اوسکو لی لینا چاہا اور احمد خان بغرض حفظ اوسکے
تبتک لڑا کہ جب اوسکے پاس پانچ سوار باقی رہ گیں اور پہر لاچار میدان چھوڑکر
چلا گیا بعد اسکی اور لڑائی مقام دگانال متصل نزہون مین درمیان فوج حضور کے
سردار فوج راجا پنا و قائم جی چوبی کالنجری کی ہوئی اور آخر کار قائم جی کی فتح یابی
اور طرفین مین بہت سا نقصان آدمیونکا ہوا بعد ازین اور لڑائی متصل چھونگا کی

راجہ گمان سنگہ بانجے بہادر راجہ چپرکہاری سے ہوئی ہمت سنگہ شطرنج کہیل رہا تہا
کہ یکایک فوج نونی ارجن سنگہ سردار فوج ہمت سنگہ باندا والی نے آن گہیرا اوس وقت تو کچہہ تہوڑے
آدمی ہمراہ تہے مگر پہر راجہ گمان سنگہ جلد فوج کو آراستہ کرکی متصل موضع بیدڑی
نونی ارجن سے خوب لڑا جانبین کی بہت سے آدمی کام آئی مگر جبکہ راجہ ہمت سنگہ کو ہاتہی
پر سوار گولی لگی اور وہین پر مرا اور بہت سی سرداران فوج گمان سنگہ کی ماری گئے
تب نونی ارجن نے فتح پائی راجہ گمان سنگہ کے کوئی لڑکا نہ تہا اسواسطے
اوسنے اپنی حیات مین اپنے بہتیجے سے بخت سنگہ لڑکے ڈرک سنگہ کو اپنا جانشین اور
نونی ارجن کو تا زمان بلوغ بخت سنگہ مدار المہام مقرر کیا اور تہوڑے عرصہ مین راجہ گمان سنگہ
نی وفات پائی اب نونی ارجن نے جیسا کہ پیشتر راج پنا مین ذکر آچکا ہے دعوی
سرمید سنگہ کی بابت راج کے مدد کی اور فوج راجہ دہوکل سنگہ پر جو بسرکردگی بینی حضوری
کی ساتہہ چڑہ گیا اور بڑی لڑائی ہوئی اس لڑائی مین نونی ارجن کے اگرچہ ۱۹
زخم آئی مگر ایسا لڑا کہ بینی حضوری کو لڑائی مین مار کر فتح پائی بعد اسکے ایک اور لڑائی
مقام چہترپا مین جو مقام تر ہوا ان سے بفاصلہ چار کوس کے واقع ہے درمیان فوج
راجہ دہوکل سنگہ جو بسرکردگی راج دہر حضوری خلف بینی حضوری کی تہی اور فوج
نونی ارجن مین جو بسرکردگی کیرت سنگہ کی ساتہہ ہوئی اور اس لڑائی مین خود کیرت سنگہ

اور راجہ منرجا اور اکثر سرداران نامی بندیل کھنڈ اور بیشمار آدمی مارے گئے
اب ریاستہاے ملک سرداران ناموری خالی ہوتا چلا اور راجہ بخت سنگہ ایسی مصیبت مین آ
کہ آواخر حکومت علی بہادر مین دو روپیہ روز پر علی بہادر کی ان پاگیرجب بندیل
کھنڈ مین سرکار گورنمنٹ کو تسلط حاصل ہوا تب بخت سنگہ کی نسبت جاگی اور سند
نشین نامزد ہوکر پھر اجی گڈہ اوسی دیا گیا کہ ہنوز اوس خاندان مین ریاست مذکور
قایم ہے اور جسکا ذکر آگے سنیگا اور اسیوقت مین راجہ کشن سنگہ نبا والہ نسب جسکو تا
دان حکومت علی بہادر کچہہ نہ ملا ملک موروثی پر قابض کیا گیا اور اپنے سنگ کا ہردوسیاہ
کا جسکا ذکر سابق آچکا ہے کہ بہت واکی تاابع راجہ گڈہ کوٹا کا مقرر ہوا تہا اوسکے
تن لڑکی ستے

کشن جو جو بعد پہنچے سنگ کی جانشین ہوا	نراین جو	ہرے سنگہ	

سو بعد کشن جی کی مردن سنگہ جانشین ہوا پہر جبکہ سنہ ۱۸۱۸ ع مین گڈہ کوٹا خالی کیا گیا
سرکار سے اوسی جاگیر شاہ گڈہ کے جمع تخمیناً ایک لاکہہ پچاس ہزار روپیہ کے کا نمونہ
یہہ جاگیر قایم ہے فقط

شجرہ خاندان بندیلوںکا

a 4

ذکر مغلوبی راجہ ہاے بندیل کہنڈ بہمت بہادر و علی بہادر و تسلط علی بہادر سی

راجہ ہمت بہادر قوم کا گوسائین ایک شخص بڑا جری اور عالی العزم تہا اور
فوج نواب شجاع الدولہ کا ایک سردار اور بکسر کے لڑائی مین ۱۷۶۴ عیسوی مین ایک بڑا
زخم اوسکی پانو مین لگا تہا جب کہ وزیر شکست کہا کر بغرض استمداد نواب فرخ آباد
فرخ آباد کی طرف بہاگی ہمت بہادر بندیل کہنڈ کیطرف چلا آیا اور یہان کہ ضعف تو
کمال آسے گیا تہا اور غدر مچ رہا تہا ہمت بہادر نی اوسکا لطف اوٹہا کر رفتہ
رفتہ اختیار اور اقتدار پیدا کر لیا اسعرصہ مین بالاجی پنڈت والی پونا کی جو خطاب
نانا فرنویس مشہور تہی حال ضعف حکومت بندیل کہنڈ اور آپسکے پہوٹ کا
دیکہ کر نواب علی بہادر کو لشکر سبندیہ مین ۱۳ ایماسی بہیجا کہ جسوقت موقع
پاوی بندیل کہنڈ پر تسلط حاصل کرے اسوقت مین ہمت بہادر نی جو بیشتر داخل
اسدیار کا ہو گیا تہا علی بہادر سی اتفاق پیدا کرکے کہا کہ آپ یہان داخل ہوجے
مین انکا شریک ہون چنانچہ علی بہادر ۱۷۹۰ء مین یہان آپہونچا اسوقت مین فوج

علی بہادر کی سمہ فوج ہمت بہادر کی کہتے ہین کہ قریب چالیس ہزار کی سے نوبی
ارجن نے اطاعت علی بہادر کے اختیار نہ کی چنانچہ علی بہادر نے باتفاق ہمت بہادر
نوبی ارجن سنگہ پر حملہ کیا اور ایک معرکہ درمیان نگانون اور اجی گدہ کی واقع ہوا
عین ہنگامہ رزم مین اول فیلبان نوبی ارجن کا مارا گیا اور ہاتہی بی قابو ہوا
مگر تب بہی نوبی ارجن تیر و تفنگ چلاتا رہا پہر آخر کار ایک زخم کہا کر زمین پر گر
پڑا اسعرصہ مین نوبی ارجن کا سر کاٹ کر علی بہادر کی پاس پہونچا اور علے
بہادر نی وہان سے دیوگانو وگوڑہ کو کوچ کیا اور ہمت بہادر بتعاقب مخالفان
چار ضرب توپ اور دو ہزار سوار سے طرف چہرکہاری کی بڑہا یہان پر ہمت
بہادر سے ایک لڑائی پہر ہوئی اور اوسمین برسنگ دیو مارا گیا اور اوسکا لڑکا گرفت
کر ہمت بہادر کے پاس پہونچا اور ایک لڑائی متصل موددہا کی فوج سگارام سے
جو جسونت راو سردار فوج علی بہادر کے ماتحت حکومت تہا اور پورن مل
ایک لڑکا ن راجہ چہرکہاری و سونا سا ء سے ہم چہترپور و جیون انتد وغیرہ
جنکے ساتہہ تخمیناً بیس ہزار فوج سے تہے واقعہ ہوئے جسمین سگارام نے
غیاب ہوا اور پورن مل اور سونا سا ء میدان چہوڑ بہاگی سگارام نی قلعہ
چہرکہاری تمام تعاقب کر کی قریب سے توپین چلائین مگر قلعہ کو کچہہ ضرر و آسیب

پہونچا پہر سکارام دوسرے روز کہٹولا کو چلا گیا پہر ایک لڑائی کنور
درگا کر سردار ہمت بہادر سی متصل مورول کہمبر سنگہ ڈواسی ہوے کہ ڈوا
ہی شکست کہاے اور جمنا پار بہاگ گیا بعد اسکی ایک لڑائی پرگنہ چہون مین فوج
علی بہادر ہوئی جسمین سر دیوا بٹ ریسم کوٹتا اور سردار کلاب سنگہ کی
کلا کٹ کر علی بہادر کی پاس لائے گئی اس اثنا مین کرنیل مسل بیاک پرکہ قوم
عیسائی مین سے یکے از سرداران ہمت بہادر تہا متصل رجوے ایک حملہ ہوا کرنیل کا
توپخانہ تیار نہ تہا کہ یکایک لڑائے شروع ہوگئی اور کرنیل سی کچہہ بن نہ
پڑی چنانچہ اس لڑائی مین کرنیل کے جوروکی ایک گولے لگے کہ وہ اوسکی صدمہ
سی وہین مرے اور کرنیل سمت دریا جمنا بہاگا جب ہمت بہادر کو یہہ حال معلوم ہوا
تب اوسنی کرنیل کو طلب کرکے بہت سا پاس کیا اور فوج اور سامان توپخانہ
پہر کرنیل کو لڑئی کو دیا اور تیرہوان اوسکے جاگیر مین درین اثنا
ایک لڑائے بمقام درگاتال درمیان نین سنگہ دراجدہر لڑکے بنی حضوری
کی ہوئے اسمین نین سنگہ کا ہاتہی مارا گیا اور جو مال قیمتی اوس ہاتہی
پر تہا وہ سب لوٹ گیا اور بہت سی لوگ طرفین کی کہیت رہی اب علی بہادر
نی ارادہ فتح ریوان کا کرکے خشوا رائی ایک سردار خطوط دہم ہزار فوج

وہانکو روانہ کیا ہنگام راجہ ریوان کو حال آمد جسونت رای معلوم ہوا راجہ نے
وکلا پاس جسونت رای کے اس مضمون سے بہیجی کہ ہمنے علی بہادر سے کچہہ
خلاف ورزی اختیار نہین کی یہہ راج تو علی بہادر ہی کا ہے آپ کیون لڑنی کو
آتی ہین مگر جسونت رای کہ سرمست بادہ غفلت تہا اور موت اوسکے سر پر گہوم
رہی تہی ایک نہ سنا اور خشمناکی سے یہی جواب دیا کہ دو گہڑی مین قلعہ خالی
کرلیونگا جب کسی التجا والحاج راجہ پر جسونت راو نی لحاظ نہ کیا بیچارہ راجہ کیا کری
ناچار اوسنے مرنے پر دل دہرا اور جناب باری کو یہہ تکبر جسونت رای کا خوش نہ آیا
اگرچہ راجہ کو اپنی ضعف سے یاس تہا مگر افضال الہی کا آس الغرض جب راجہ نے دیکہا
کہ کچہہ تفہیم و افہام کارگر نہین تب لڑکا راجہ کا اپنی ٹوٹے پہوٹی فوج و باشندگان
علاقہ و مردمان قرب وجوار کو فراہم کرکے ناگہان اون پر جہان جسونت رای
تہا جا پہونچا اور جسونت رای کو قتل کیا جسونت رای کا مرنا تہا کہ فوج اوسکی باصد ہزار
ایسی بہاگی کہ پہر کر نہ دیکہا جب کہ علی بہادر کو خبر اس سانحہ ناگزیر کے پہونچی سخت
مغموم ہوکر کہنے لگا کہ اب تک پگڑی نہ باندہونگا جب تک کہ ریوان کو فتح
نہ کرلونگا ہمت بہادر نے بواد بدحالات پراگندگی و افسردگی خاطر علی بہادر
بہت سی تشفی علی بہادر کی کے اور اطمینان دیکر کہا کہ آپ کیون سواری پیدا کری

مین ایک ریوان کیا تہوڑی عرصہ مین تمام بوندیل کہنڈ نواب ہی کی قبضہ
مین آیا جاتا ہے اسعرصہ مین بندیلون نے غارتگری اختیار کی اور علی بہادر نے اجیگڑہ
کا محاصرہ کر کی چہہ ہفتہ مین اوسی خالی کرا لیا اور بعد اوسکے جیت پور کو بہی
لی لیا اور پہر فوج علی بہادر و ہمت بہادر و کرنیل مسل ییاک کی بہ تہیہ تسخیر
ریوان وانتقام جنبش ورای تا ایک اوسجانب کو چلی راجہ ریوان نے پہر اوسی
طرح بہ پیشتر سے وکلا کو پاس ہمت بہادر کی بدرخواست موقوف رہنے
جنگ و پیکار و خونریزی کی بہیجا تب ہمت بہادر نی اونکی لئی نواب سی شفاعت
چاہی کہ یہہ ملک عطای بادشاہی ہے جب شاہ عالم قبل تخت نشینی کے
بہاگی راجہ ریوان کے یہان آکر پناہ لی سو راجہ نی کہنڈ پور کو واسطی حضرت
کی قیام و مصارف ذاتی کے دیا اور عرصہ تک یہہ مقام جاگیر شاہ مین رہا
الغرض ہمت بہادر نی بہ تفہیم وافہام معاملہ صلح پر ٹہرایا اور راجہ ریوان
نی بارہ لاکہہ روپیہ دینا قبول کیا چنانچہ علی بہادر نی راجہ کی لڑکی
کو بعوض زرتا وصول اول لیکر وہان سے کوچ کر کی قلعہ کالنجر کا محاصرہ کیا
اور توپخانہ پہاڑان متصلہ کالنجر پر جا لگایا لیکن دماوا جس راہ سی قلعہ پر کیا تہی
ہوئی کہ وہ بمقتضای دشواری گذار نہ آیا اور چڑہاؤ کی ادہر تہا علی بہادر نی دہاوا

عالم دروازه پر گیا اور یہی دروازه بہت مستحکم ہر طرح پر تہا اگرچہ کچہہ تہوڑا
سا تسلط حاصل ہوگیا تہا مگر پہر وہان سے ہٹنا پڑا اور ایسے باڑه چلی کہ بہتون نے
شربت شہادت پیے اسپر بہی علی بہادر نے دل بمحاصره قوی رکہہ کر اوسکا پیچہہ
نچہوڑا اور وہین ایک مکان بہی تعمیر کرلیا اور دو برس تک پڑا رہا نقل مشہور ہے
کہ جو بہائی کالنجر نے بغرض اظہار اپنی استقلال و استحکام براه مضحکہ علی
بہادر کو کچہہ انبہ بہیجی اور کہلا بہیجا کہ ان انبون کے استخوانکو بوائی اور جب پیڑ
اونسی جم کر پہولین اور پہلین تب پہلی اونکے ذایقه کا مزا اوٹہائی اور پہر تسخیر
قلعه کالنجر کی لئی تشریف لائی ای ناظرین دیکہیے کہ اب علی بہادر کی سی
حکومت پر زوال آتا ہے اور چرخ نیرنگ ساز ایک نیا شعبده اوٹہاتا ہے
اور نئی حاکم کو یہہ سرزمین دکہاتا ہے افسوس دنیا مین کسیکو بہی قیام نہین جب
جسکو اسنے چاہا اوسکی زمانه مین یہی معلوم ہوا کہ اب اسی زوال نہین اور
روز بروز ترقی اقبال ہے مگر جب اوسکی مرضی نہ ہی تب وہ دکہائی نہ دے
نہ پڑا زمانه ماضیه کا تو حال آپنے دیکہا او سنا سو یہہ ہی نظیر صاحبو زمانه
کی واسطے کافی ہے شان الہی کو محدود کرنا اور یا اوسکے دریافت مین
رہی اپنی تئین تا مرجانا میری رائی مین عین بیخردی ہے علی بہادر

یہین کالنجر مین بیمار پڑا اور بارہوین سال حکومت مین بعمر چہل وچہار
سالگی ۱۲۰۷ سنہ ہجری مین رخصت عالم فانی سے اور راہی عالم جاودانی کا ہوا علی بہادر سے
تین اولاد تھے ایک تو جیٹھا سی شمشیر بہادر اور ایک لڑکے اور دوسری سی ذوالفقار علی
جو ۱۱۸۰ سنہ مین متولد ہوا تھا شمشیر بہادر ہنگام وفات اپنی باپ کے بمقام پونہ
موجود تھا مگر علی بہادر ساتھ چنانچہ غنی بہادر عم علی بہادر نی ذوالفقار علی
کو مسند نشین کیا اور اوسنے ہی محاصرہ قلعہ کالنجر کا چہوڑا مہدی علی بہادر
سرداران نامی علی بہادر کی جیتے رای ناک داحمد بیگ و زبیر بیگ برادران
غنی بہادر تہی اور ہمت بہادر کی فوج مین کنور کنچن گر راو دسبہ گرائی
اور کرنیل مسل بیاک علی بہادر کی راج بانڈا اور پنّا دونون کو لیکر حکمراں
کی اور جب راجہ پنّا کو کچھ نملا تب وہ لاچار شریک بندیلان غارتگر کی ہوا
اور کچھ عرصہ تک بندیل کھنڈ مین سب اطراف اس جا رہن علی بہادر و ہمت بہادر
انہین دو کے جلائی لوگ جیتے تہی اور انہین کا دم بہرتے تہی *

ذکر زوال حکومت خاندان علی بہادر و تسلط گورنمنٹ بندیل کھنڈ پر بہ توسط راجہ ہمت بہادر *

جب شمشیر بہادر کو خبر وفات علی بہادر کی بمقام پونا پہونچی اوسنے پونا

امرت راو پیشوا سی اجازت روانگی بندیل کہنڈ بجناح استعجال پاکر سنہ ۱۸۰۱ عیسوی
مین بامعدودی چند داخل لشکر مقیم کالنجر ہوگیا اور حکومت فوج حاصل کرکے
اول حکم جو اوسنے دیا اور کام جو کیا یہہ تہا کہ اپنی ہی گہر پر آپ خرابی
لائی یعنے غنی بہادر اپنی چچا کو قید کرکی قلعہ اجی گڈہ مین بہیجدیا اور سب
اسباب اوسکا ضبط کرکی اور آخر کار زہر دلواکر مار ڈالا اور ہمت بہادر نے بہی
ہوشیار ہوگیا اور جانا کہ شاید اب دوسرا وار اوسپر ہو سو اپنی قدرکے
خیر منانے کی فکر کرنی چاہیے چنانچہ ہمت بہادر نی اول سب اپنی فوج پاس اپنے فراہم
کرکی اور بعد اسکے درمیان ہمت بہادر و کرنیل کیڈ و مستر امہتی صاحبان ملازمان
سرکار دولتمدار گورنمنٹ کی بواسطہ کرنیل کے معاملہ یہی رہنی فوج انگریزی
کی بندیلکھنڈ مین قرار پایا بالاتفاق اور سرکار کو حسب عہدنامہ بساین بندیل کہنڈ کا تسلط و
اختیار ہر طرحسے پہونچا تہا اور ہمت بہادر کہ شمشیر بہادر سے منحرف ہو رہا تہا بلا
اور آنا فوج سرکار کا باطراف بندیل کہنڈ غنیمت جانا اب التحریک ہمت بہادر فوج
انگریزی بجمعیت پانچ پلٹن ہندوستانی اور ایک رسالہ اور تہوڑا سا توپخانہ بہ کمانداری نفٹنٹ
کرنیل پاول واقعہ ستمبر سنہ ۱۸۰۳ عہ جمنا اوتر کر راجپور گہاٹ پر آپہونچی اور
ادہر [illegible] کنچن گڑہ [illegible] شمشیر بہادر سے جو ہمت بہادر کی طرف سے مقرر کرنیل [illegible]

کالنجر سے کوچ کرکی واسطی شمول فوج انگریزی و بڑہنی اس اطراف مین پیشتر سی
مقیم تہا ملکر اور پہر وہانسے پسونی ندی پر متصل درگاتال جو کچہہ تہوڑے سے فاصلہ
تر ہوا ہے واقعہ ہی ٹہری اسی اثنا مین خبر داخل ہونی جانا فوج انگریزی کی
بندیل کہنڈ مین گوش زد ہمت بہادر کی ہوکر وہ بہی کالنجر کو چہوڑ فوج ظفر موج
مین شامل ہوگیا جب کہ شمشیر بہادر پر آنا فوج انگریزیکا اور اتفاق ہمت بہادر
اور ملجانا فوج مذکور سے منکشف و متحقق ہوا اوسنے ہی اقیام اپنا کالنجر مین نامناسب
تصور کرکی وہان سے کوچ کیا اور باندی پہونچکر آنروی رود کین کرارون جانب
ندی مذکورہ پر جو بمحاذے موضع کنوارا کی واقعہ ہے قیام کیا جس دن یہہ
مقام فرودگاہ فوج شمشیر بہادر فرسودہ ایام کا ہوا اوسیدن وقت شام
ہمت بہادر نی کچہہ گولے اسطرف ندی سی آنروی ندی چلائی اور شمشیر بہادر
نی اوس مقام کو مقام زد حریف جانکر اور وہان سے ہٹکر اور جگہہ پر بفاصلہ
ڈیرہ ڈالی پہر کچہہ دن پیچہے شمشیر بہادر نے قلعہ بہوراگڈہ پر دہاوا کیا مگر کامیاب نہوا
اور وہان سے پست پا ہوکر موضع کیتنا مین رہا اور فوجکو بارادہ مقابلہ آمادہ رکہا
اسعرصہ مین واقعہ ۱۲ اکتوبر ۱۸۰۳ع کرنیل پول و ہمت بہادر بالاتفاق دریای کین
سی عبور کرکی طرف موضع کیتنا کی بڑہے اور چہ گہنٹہ تک اوپلی کرکی مورچہ فوج

دہ گھنٹہ روز بمقابلہ فوج ہمت بہادر آپہونچی اور گولا بجا اور لڑائی شروع
ہوگئی کچھ بہت عرصہ تک نائرہ جدال و قتال مشتعل رہا تہا کہ فوج ہمت بہادر
سراسیمہ ہوکر بہاگ نکلے اوسکی بہاگنی پر بموجب حکم کرنیل پول صاحب کپتان
ویبر صاحب نے بجماعت سواران انگریزی و پانصد سواران ہمت بہادر تعاقب
مفروران کیا اور شمشیر بہادر نے بہاگتی بہاگتی ایک مقام پر متصل بہٹ کی تلے
بتونتی کی قریب قیام کیا اس لڑائی مین فوج سرکار مین صرف ایک کپتان فارلے
اسمتھ صاحب توپ سے جان سے ماری گئی اور باصرف دس آدمی مقتول و مجروح ہوئے
اور فوج ہمت بہادر مین سترہ آدمی اور سولہ گھوڑے مقتول ہوئی اسوقت
مین نانا گوبندراو اور جالون نے مدد شمشیر بہادر کی کی اور فوج باعانت شمشیر بہادر
بہیجکر سرکار سے خلاف کیا گر بہر سرکار کیطرف سے درگذر ہوئی اب
شمشیر بہادر نے کچھ مفر و قابو نہ دیکھکر آشتی پیدا کی اور از روی عہد نامہ
بسائن باخلت سرکار کو تبدیل کہنڈ مین مقبول و منظور کیا چنانچہ کپتان جان بیلی
صاحب اجنٹ گورنر جنرل ہند نے سرکار کیطرف سے چار لاکہہ روپیہ کی جاگیر شمشیر بہادر
کو دی اور واقعہ ۱۸ جنوری سنہ ۱۸۰۴ عیسوی شمشیر بہادر داخل کیمپ سرکاری
ہوا اور تبدیل کہنڈ بحکومت مطلق سرکار دولتمدار در آیا قبل اسکے شمشیر بہادر

داخل کمپنی سرکار ہوا صوبہ دار جہانسی سنہ ۔۔ فوج سرکار مین آملا اور جناب
سپہ سالار صاحب و گورنر جنرل ہندی بہ نسبت اوسکی اظہار کمال خوشی
کا فرمایا اور فوج صوبہ دار بہ تسخیر این دیار شریک سرکار رہی بعہد علی بہادر
ہمت بہادر کی پاس صرف پندرہ سو سوار اور تین پلٹن اور کچھہ توپخانہ بحکم
کرنیل مسل سیاک صاحب کی تہا مگر جب کہ عملداری سرکار اسجوار مین ہوئے قریب
دس ہزار کی فوج اوسکے تحت حکومت مین ہو گئے اور جو جاگیر عہد علی بہادر مین بقبضہ
اختیار ہمت بہادر رہتے تہے وہ بدستور سرکار سے اوسپر مسلم رہکر علاوہ اوسکے
پرگنجات موذہا و چہون و سمیر پور و بدوسا وغیرہ اور عطا ہوئے لیکن ہمت بہادر
کی زندگی نے کچھہ بہت وفا نہ کی سنہ ۱۸۰۴ع مین بعمر ہشتاد سال کے
بمقام کنوار متصل باندا اس عالم جاودانی ہوا اور پہر جو کچھہ اوسکے متعلقان
کی نسبت سرکار سی وقوع مین آیا اوسکا ذکر آگی آویگا جب حکومت
شمشیر بہادر کو زوال مطلق نصیب ہوکر تسلط سرکار اسدیار مین ہو گیا کپتان بیلی صاحب
نی پرگنجات باندا و اوگاسی و پرسیتا و پیلواری و راتھہ و جلال پور و کوچ
وغیرہ مین تحصیلداران مامور کئے اور جو کہ سیندہگر و کوٹرہ سہوبا کا بہی بندوبست
سرکار سے ہو گیا تہا بلکہ بہوبا ہمت بہادر کو مرحمت ہوا تہا بعجہ ہونے

مقامات مذکور از آن پنڈتان جالون پہر اونکو واپس ملے اور جو مقامات
کہ پیشتر سی بقبضہ و حکومت ہمت بہادر کے نہتے بلکہ دیگر راجہا و روسا اوسپر قابض
تہی وے از روی اسناد سرکار سے بحال و برقرار رکہی گئے اور انتظام اسملک کا
ہوچلا غرض یہہ کہ باعث آنے عملداری سرکار کا اسملک مین راجہ ہمت بہادر تہا اور
تب ہی سے بنیاد حکومت انگریزی اسملک مین قایم ہوئی بیلی صاحب عرصہ
تک وسادہ آرای حکومت اجنٹی رہکر بعد اونکے ۱۸۱۱ عیسوی مین برس صاحب
اور ۱۸۱۲ مین جان ریچرڈسن صاحب عرف رجے سین صاحب و ۱۸۱۶ مین جان کب صاحب
صاحب و ۱۸۱۷ عیسوی مین ٹی ایچ ٹاوک صاحب و ۱۸۲۰ عیسوی مین جیمس مارجوری
صاحب و ۱۸۲۳ع مین لفٹنٹ سی ٹی فودی صاحب و ۱۸۲۴ع مین ایم انسلی صاحب
و ۱۸۲۸ع مین آر ایم ٹلمن صاحب و ۱۸۳۲ع مین آئی ڈبلیو پیگیے صاحب و
۱۸۳۳ع مین سیمن فریزر صاحب و ۱۸۳۵ عیسوی مین ولیم ہنری سلیمن صاحب
و ۱۸۴۰ع مین جارج الگزنڈر بشبی صاحب بامور د مقرر ہوئے چنانچہ بشبی صاحب بہادر
ازبسکہ خلیق این ہنوز اسعہدہ جلیلہ پر موجود و متفخر ہین مگر اب اونکا تقرر صاحب مین
گورنمنٹ سے بعہدہ جلیلہ ریذیڈنٹی حیدر آباد فرمایا گیا ہے ونکی جا ب
کہ با انقلاب حکومت اجنٹی کے محکمجات متعلقہ وسکے مین بڑے کار آزمودہ آدمی اور اہلکار

صاحبان ذیشان مذکور الصدر کی واکپ صاحب نے بعہدہ اجنٹی مقام کالنجر مین
وفات پائی و ماڈک صاحب سپرنٹنڈنٹ امور پولٹیکل بندیل کھنڈ رہکر پہر اول
اجنٹ ساگر و من بعد ۱۸۲۷ عیسوی مین رزیڈنٹ لکھنؤ یعنے اودہ مقرر ہوے
اور مارجوریبنکس صاحب عہدہ اجنٹی سے بعدالت صدر الہ آباد مقرر کئے گئی و سود
صاحب نے بمقام کالپی سمت ۱۸۲۷ عیسوی مین وفات پائی و اینزلی صاحب بھول
چہٹی رخصت ولایت کو تشریف لیگئی اور ٹکمن صاحب ایک سال مین بعہدہ اجنٹی
مری و بیگی صاحب بعہدہ جج حاکم صدر دیوانی ہوئی و سمن فریزر صاحب بعہدہ کمشنری
میرٹھ سرفراز و سلیمن صاحب بعہدہ جلیلہ رزیڈنٹی لکھنؤ ممتاز +

مختصر حال موجودہ وقت ریاستون بندیل کھنڈ کا

اگرچہ شائقین کی خدمت مین ابتدائے پیدائش بندیلون اور آغاز اقبال و زوال انکا
سب مختصراً عرض ہو چکا مگر اب تذکرہ اسکا بہی ضرور ہے کہ جب تسلط سرکار انگلشیہ
مین ہوا راجہا ورؤسائے بندیل کھنڈ کی ساتہہ کب عہدنامجات متعہد ہوئے اور پہر
اوسوقت سے آجتک کون کسطرح ایک بعد دوسری کی جانشین ہوتے چلے
آئی کیا اون رئیسونکی علاقہ کا حال اور کتنے اوسمین مواضع اور کیا آمدنی اور کسقدر
وسعت اور سوائے راجون و جاگیرداروں کے کون کون وثیقہ دار اور کیا اونکا حال

ہی لہذا اب ہر ریاست موجودہ وقت کا علیحدہ علیحدہ تذکرہ تا ہذالیوم کیا جاتا
ہے سوای بعض کے جنکا حال ۱۸۸۱ء عیسوی سی ادہر کا حسب دلخواہ بصحت
دریافت نہو سکا۔

حال رؤسای بندیلکہنڈ

مختصر حال ریاست اورچہہ کا

یہہ ریاست مشہور دونون نام سے ہے یعنی اورچہہ یا ٹہرے اور بندیلکہنڈ کی علاقون و ریاستون مین اسکو درجہ اولی حاصل ہے نہ صرف بوجہ وسعت علاقہ و اقتدار کے بلکہ باعث نہ ہنی اطاعت مین پیشوا کی مرہٹون نے اس ریاست سے ریاست جہانسی نکالی اور اسے اخراج سے اس ریاست کو تسلط والی پونا سے محفوظ رکھا بعہد فیض و تسلط سرکار ابد پایدار مہاراجہ بکرماجیت متہند اس ریاست مین تخت نشین تہے ۱۸۱۲ع مین واقعہ ۲۳ دسمبر عہدنامہ درمیان سرکار و مہاراجہ صاحب متعہد ہوا ۱۸۴۲ع مین علاقہ اورچہہ دو ہزار ایکسو ساٹہہ میل مربع تہا اور مواضع اوسمین چہہ سو چالیس اور آبادی اوسکی ایک لاکہہ نوی ہزار اور تحصیل دس لاکہہ علاقہ مین ایک ہزار دو سو سوار و چار ہزار پیادہ تہے ۱۸۸۲ع مین تحصیل اوسکی چہہ لاکہہ ہو گئی راجہ صاحب اورچہہ تین ہزار سال راجہ صاحب

جہانسے کو معرفت سرکار بابتہ جاگیر تر ہوے کی وہتی ہین مہاراجہ بکرماجیت
سنہ ۱۸۴۳ عیسوی مین فوت ہوئے اور بہ سبب وفات کنور دہرم پال فرزند راجہ بکرماجیت
بحیات راجہ مرحوم تیج سنگہ برادر مہاراجہ بکرماجیت جانشین ہوئے بموراج
سنہ ۱۸۶۰ عیسوی کو اونہون نے بہ وفات پائی مہاراجہ مندر تیج سنگہ نی سنہ ۱۸۴۲
مین سبحان سنگہ برادر زادہ اپنے کو متبنے کر دیا تہا لیکن بسبب تامل جواز متبنے کی سرداران
بندیلکھنڈ مین پسر متبنّی ہونا اونکا تصدیق نہوا اور راجہ اور رعیہ نی بہ استفسار مطابق
طریق ہنود اوسکو پسر متبنے قرار دیا اور وہ وارث خاندان ہوا بلکہ راجہ مرحوم
نی قبل از وفات خود اوسی گدے پر بٹہلا کر برعایت اوسکی گدی چہوڑ دی
تہی بعد وفات راجہ مندر تیج سنگہ دو فریق نے دعوے جداگانہ پیش کیے
یعنی ایک نے بدلیل نامزد ہو جانی سوجان سنگہ کے دوسری نی باظہار اینکہ
تیج سنگہ نے راج بہ جبر سی حاصل کیا تہا اسلیئی بیوہ کنور دہرم پال پسر راجہ
بکرماجیت کو جانشینی پہونچتی ہے لیکن بہ سبب اسکے کہ جانشینی تیج سنگہ کے
منظور ہو چکی ہے تحقیقات حقیت جانشینی اوسکی کی نہو سکی اور چونکہ
سرداران قرب وجوار جوکہ صداقت حال متبنے کو پانچ برس سے جانتے تہے
وہی کچہہ اعتراض پیش نہ لائے اور اسوجہ سے کہ پسر متبنے موسوم سبحان سنگہ کا

مطابق رسم و آئین ریاست اور حسب و رضامندی تمام کی تھا آخر کار جانشینی
سبحان سنگھ کے سرکار انگریزی سے منظور ہوئی لیکن وہ فریق کہ جو رانی
دھرم پال کی شریک تھا غالب ٹھہرا اور آخر الامر رانی دھرم پال و رانی تیغ سنگھ
بالاتفاق جانشینی سبحان سنگھ پر راضی ہو کر رانی دھرم پال اور اوسکے شرکا نے
زمام اختیار نظم و نسق ریاست بطور قائم مقام اپنی ہاتھ رکھی اوسوقت
تمام برادری جمع ہوئی و سرکاری حکم اسبات کا ہوا کہ اگر احیاناً کوئی
شر و فساد وقوع میں آوی تو رجوع سرکار انگریز میں لاویں مہاراجہ بہادر
تیغ سنگھ سے بسبب اسکی کہ وہی خفیہ ممد باغیان سرکار رہتے تھے سرکار ابد پائیدار
کچھہ راضی نہ تھی اب کہ رانی دھرم پال صاحبہ اختیار ہوئیں وہ بھی سرکشوں کی
ممد رہیں مگر اب مطیع فرمان سرکار ہیں پھر جبکہ رفتہ رفتہ راجہ سوجان سنگھ نے
ہوش سنبھالا اور جانب اپنے والد بزرگوار ہردی ساہ بگڑی سو فیما بین رانی
اور راجہ کی نقیض واقع ہوئی حتی کہ راجہ صاحب تک مقام جہانسی میں
پاس صاحب اجنٹ بہادر کی موجود رہے اور عذرات ہمکر محکمہ موصوفہ میں گذرتی
رہی چونکہ راجہ نے خود مختاری اپنے راج میں چاہی اور در حقیقت مالک ریاست
تھی سرکاری مداخلت ہو کر جا ملیں راج اونکے قبضہ میں آیا اور حکومت رانی سے

جیساکہ پیشتر تہا خارج سو اب راجہ سوجان سنگہ اس ریاست مین زیب آرائے سریر
ریاست ہین اور راجہ اورچہہ کی سلامی مین گیارہ توپین سر ہوتی ہین فقط

ریاست جہانسی

یہہ علاقہ ۱۷۴۲ عیسوی مین مرہٹون نے ریاست اورچہہ سے نکال لیا تہا اور
ہنوز تحت حکومت اوسی خاندان کے ہے جہانسی بعہد پیشوا ایک صوبہ تہا اور
اور حاکم بالغ آخر اوسکا شیو راو بہاو بعد وفات شیو راو بہاو رام چندر راو نبیرہ اونکا
ممدوح بعمر ہشت سالگی ۱۸۱۵ عیسوی مین جانشین ہوا اور چونکہ صوبہ داری
جہانسی ازان پیشوا تہی معہذا سرکار انگریزی کو کچہہ واسطہ نہ تہا ۱۸۱۷ مین
تک کہ علاقہ پیشوا بہ تحت حکومت سرکار در آیا تب ایک عہد نامہ میان سرکار و راو
رام چندر راو اونکی ورثاء و جانشینان کی واسطے دوام کی قائم ہوا اب اس
عہد نامہ سے جہانسی بعوض صوبہ داری کی ایک ریاست خودمختار ہوگئی پہلے
عہد نامہ اس ریاست سے واقع نو فروری ۱۸۰۴ عیسوی کو ہوا اور اس عہد نامہ مین
شیو راو بہاو ایک تعلقدار پیشوا کا قرار پایا شیو راو بہاو کی اول قبیلہ سے
صرف ایک لڑکا مسمی بہ کشن راو تہا اور وہ بحیات شیو راو بہاو فوت ہوا بعد اسکے
شیو راو بہاو نے اپنی نبیرہ رام چندر راو کو جانشین مقرر کیا اور رام چندر راو بعد

وفات بہاو موصوف ۱۸۱۵ء مین برضامندی تمام کے گدی نشین ہوا
شیو راو بہاو کی دوسرے قبیلہ سے دو لڑکی اور تہی ایک رگہنا تہہ راو
دوسرا گنگادہر راو پہر دوسرا عہد نامہ جو سرکار سے ساتہہ رام چند راو کے
ہوا وہ واقعہ ۱۷ نومبر ۱۸۱۷ء کو ظہور پایا اس عہد نامہ سے یہہ ریاست
واسطی دوام کے باقرار حفاظت بحالت ظہور ظلم و تعدی از طرف دیگران بریاست
و بادای خراج [illegible] سکہ جہانسی بحال رہے راو رامچند راو نی ۱۸۳۲ء
مین سرکار سی خطاب راجگی حاصل کیا و بیسوین اگست ۱۸۳۵ء کو بقضای الٰہی
لاولد وفات پائی بعد وفات رامچندر راو چار شخص دعویدار ریاست ہوئے
اول کشن راو برادر زادہ مرحوم بدلیل متبنگی دوم نارین بہاو اولاد ذکور
خاندان اسی بدلیل صدر سوم گنگادہر راو بدلیل ہونے عم راجہ مرحوم چہارم رگہنا تہہ
راو بدلیل مذکورہ رکہنی درجہ اول ساتہہ راجہ مرحوم کی چنانچہ سرکار نے
دعوی رگہنا تہہ اوسکو قابل التفات تصور کرکی منظور و قبول کیا رگہنا تہہ راو
واقعہ ۱۷ اپریل ۱۸۳۸ء کو لاولد رہے عالم جاودانی ہوئی رگہنا تہہ راو کی عہد
مین اکثر شر و فساد رہا کیا اور انتظام اوسکا اونسے بوجہہ اسکے کہ وہ خود مبتلای عارضہ
[illegible] کی تہے معدوم تہا بعد وفات رگہنا تہہ راو کی پہر چار دعویدار ریاست کی ہوئی

اول کشن راو جسکا دعوی سکھو بائی والدہ رامچندر راو نی قائم کیا تھا دوسرا علی بہادر
زادہ زن قوم اسلام سوئم بیوہ راجہ مرحوم چہارم گنگادہر راو چنانچہ دعوی
اول یعنے کرشن راو ۱۸۴۳ عیسوی مین خارج ہو چکا تھا اور دعوی دوم وسوم
قابل التفات نہ تھا دعوی گنگادہر راو بوجہ اسکے کہ بہائی درجہ اول نسبت
مین راجہ مرحوم سے رکھتے تھے مستحکم پایا گیا اور مقبول ہوا اگرچہ چونکہ وے
اوس عہد مین لایق انتظام و حکمرانے ریاست کے متصور نہوئی لہذا تجویز ہوئے
کہ اونکی واسطی کچھہ نقدی روزینہ مقرر ہوجاوے اور ریاست بہ تحت حکومت
سرکار رہے سکھو بائے جو حامی دعوی کرشن راو تہین بمدد نارو گوپال اپنے
کامدار کی خارج تجویز سرکار ہوئین اور قلعہ جہانسی تک خالی نکیا جبتک کہ
سرکار کو آمادہ جنگ نکر لیا آخر کار سرکار نے ریاست کو بحیطہ اختیار خود لاکر
بعد تحقیقات مناسب جانشینی گنگادہر راو کی منظور و مقبول کی لیکن بخیال اسکے کہ گنگادہر
راو اوسوقت مین قابل اسکے متصور نہوئی کہ خود منتظم علاقہ ہوسکین لازم آیا
کہ انتظام انگریزی سے ظہور پاوے چنانچہ کپتان دیو دراس صاحب مشاہرہ ایکہزار چہہ سو
روپیہ باطاعت اجنٹ بوندیل کہنڈ کی واسطے نظم ونسق علاقہ کی مامور ہوئے تحصیل
علاقہ کی جو کہ ندی دہسان سے بطرف مغرب واقعہ ہے ترامہ سالتیور مہارو کہ بھی

۱۸۲۲ع مین بارہ لاکھہ ہوگئی وسعت مین یہہ علاقہ اوسوقت مین دوہزار دوسے
بائیس میل کمستر تہا و مواضع تعداد مین نوسوچہہ ہین و ابادی دو لاکھہ چہیاسی ہزار ۲۰۸۶
اور تین ہزار پیادہ و سات سو سوار سے تہے ۱۸۲۸ عیسوی مین باعث بے انتظامی
آمدنی اسدرجہ کو پہونچی کہ تین لاکھہ رہ گئے اور جبکہ انتظام سرکاری ہوا سات
لاکھہ پچاس ہزار و بتدریج ترقی کی توقع ہوئے اس ریاست سے ضلع جالون
کی بابت تمن بندیلکہنڈ و تنخواہ سند فرنیر حسب رضا اجنٹ گورنر جنرل و مصارف
محکمہ اجنٹی و ضمانت ہوتی تہی واسطے تمن کے فی سال دو لکھہ و واسطے عملہ اجنٹی کے
پندرہ ہزار ایسی اشخاص جو کہ مستحق پرورش سرکار منسے تہی اونہون نے
پنسن پائے زان بعد ماہ جنوری ۱۸۴۲ع مین یہہ ریاست بشرط ذیل تفویض
گنگادہر راؤ کی ہوئے اول یہہ کہ بعوض ادای دو لاکھہ روپیہ کے جو کہ تحصیل سے علاقہ
سی واسطے نصف مصارف تمن بندیلکہنڈ کی لیا جاتا تہا گنگادہر راؤ نے پرگنات
مفصلہ ذیل جنکے تحصیل اوسوقت مین دو لاکھہ پچیس ہزار آٹہہ سو اکیانبی سکہ
جہانسی کے بعد وضع پٹہ دو لاکھہ ستائیس چار سو اٹہاون سکہ کمی ہوئے ۲۲۷۴۵۸
سرکار انگریزے کو تفویض کی *

تفصیل

تفصیل

لاکہ دو ہزار ... سکہ جہانسی

دیوہ تالگانون	گرونسے	ایرچ	سالگڑ وسا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
پونچہ پہاڑ کانون	بہنوا	بگہرا	گروٹہا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور چونکہ یہہ علاقہ متصل علاقہ جالون تہا لہذا شامل اوس علاقہ کی ہوگیا اور بحجت
حکومت صاحب سپرنٹنڈنٹ جالون کے درآیا دوسری یہہ کہ گنگادہر راو نی اوس بندوبست
پنجسالہ کو جو سرکار سے ساتہہ زمینداروں کے ہوا تہا قبول کیا و نیز اس امر کو منظور
کیا کہ بہ نسبت بندوبست مذکورہ کی جو کوئی امر تصفیہ طلب ہو توجہ اوسمین صاحب
اجنیت بہادر بہاجو اور حاکم واسطے فیصلہ کی سرکاری مامور ہو اور تصفیہ کردیوے
اوس سے انکار نہین ہوگا بندوبست پنجسالہ ریاست جہانسی کا سمت ۱۸۹۷ و ۱۸۹۸
و ۱۸۹۹ مین بترقی جمع ہوا اور آمدنی اس علاقہ کی باقی تین سالمین سوائے بندوبست
اوس اراضی کی جو واسطی خرچ اوس ہمن کے تفویض ہوئے بتفصیل ذیل
ہے *

تفصیل

شرح آمدنی	سنہ ۱۲۴۲ و ۴۳	سنہ ۱۲۴۳ و ۴۴	سنہ ۱۲۴۴ و ۴۵
تحصیل اراضی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
اوبارے	[illegible]	[illegible]	[illegible]
پرمٹ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سیوم قیدی جیلخانہ جہانسی جوکہ وقت تفویض ریاست مقید جیلخانہ سے تھے تا انقضائے میعاد و یا تا حصول منظوری گورنمنٹ رہا کئی جاوین چہارم دعوی ہائے مہاجنان جوکہ از روی تجویز صاحب اجنٹ تصفیہ پاچکی این از روئے قسطبندی ادا کئی جاوین و تمامی پنشن متعلقان رشتہ داران ریاست جہانسی کی جوکہ سرکار سے منظور ہوئی برابر ویجاوے اور دی شخص جوکہ زمین یا تنخواہ خزانہ سی بابت حصول پر واسطے خدمت معینہ اپنی کی پاتی این بشرط انجام کار متعلقہ اوسیقدر پاتی رہین اور رئیس کو اختیار تجویز ان امور مین حاصل ہوگا کہ بوقت نکال لینے خدمت کے کسی عہدہ دار سی جسنے عرصہ تین سال تک انتظام سرکار مین بدیانت و یا نداری انجام کار دیا ہو بر وقت موقوفی اوسکے تنخواہ چھ مہینے

کی ومنجملہ پانچ حصہ کی تین حصہ صرفہ تعمیر اوسکی مکانکا عطا کرے اور اگر
کوئی ملازم نزمرہ ملازمان وقت کوئی عہدہ سرکار گورنمنت مین پاوے
تو صرفہ مکانکا اوسی ملے ششم بیس پچاس ہزار روپیہ سالیانہ تب
ادا کری جنتک کہ میان تین وچار لاکہہ روپیہ کے قرضہ ذمگی ریاست جسکا
ادا اوسپر واجب ہے ادا نہو جاوی ہفتم تجویز قیام وحرکت فوج موقوف
رای حاکم فوج دیا افسر کی رہے اور بحالیکہ کوئی باعث ناراضگی کا درمیان افسر
فوج ورئیس کے وقوع مین آوے تو رفع اوسکا متعلق بصاحب ایجنٹ بہادر رہو
اور نصف تمن بندیل کہنڈ یا اور فوج بقدر اوسکے واسطی حفاظت ریاست
کی علاقہ جہانسی مین سرکار کیطرف سے رکہی جاوے ہشتم گنگادہر راو ایک رقبہ
زمین کافی واسطی قیام فوج کے نزدیک معرانی پور رکمیا بیتوان وندوہان
کی یا اور جگہہ کے جو کہ واسطی کنتنجنٹ کی مستحسن رای سرکار ہوی دینا منظور
کیا اور حاکم فوجکو اختیار مداخلت عاملون وغیرہ عہدہ داران ریاست جہانسی نہین
وتمام اسباب معمولی کا بموجب نرخ وقت کے بوقت ضرورت فوجکی جمع کیا جا
تعلق بزمینداران وتحصیلداران اہوا وظہو ظلم وتعدی کا بحال کاشتکاران وغیرہ
ممتنع ہوا مغوزیہہ رسم وسادہ آرای ریاست جہانسی مین وتا زمان حال نظام ریاست

رئیس وقت کا فوق انتظام تمامی دیگر رؤسای وقت بندیلکھنڈ پر رکھتا ہے
سبب اسکے دو ہین ایک تو یہہ کہ جیسا کچھہ انتظام سابق بعملداری سرکار ہوا تھا
رئیس نے ہنوز بہت کچھہ اوسکو قائم رکھا اور ویسا ہی چلا جاتا ہے دوسری کاربردازان
اس ریاست کے باہم متفق اور خیرخواہ اپنے سرکار کی ہین رئیس حال کی عمر قریب
۴۵ پینتالیس برس کے ہوگی قدرت آفریدگار و عنایت کردگار سی بعد مدت ۱۸۵۲ع
مین رئیس حال کے ایک لڑکا پیدا ہوا تھا اور رئیس نے حقیقت مین بہت کچھہ دان پن کیا
اور تمامی رعایا جہانسی کو مدعو نے کیا لیکن افسوس ہے کہ عمر نے اوسکے وفا نہ
کی اور وہ سی سال مین بعد ایام چند مرگیا * بعد درستی کتاب و قبل از طبع ہونے کی
خبر پہونچی کہ رئیس جہانسی نے فی واقعہ ۲۱ ماہ نومبر ۱۸۵۳ع و یوم دوشنبہ بوقت ایک
گھنٹہ بجی دن کی انتقال کیا اور سننے مین آیا کہ قبل از وفات رئیس مرحوم نے واقعہ ۱۹
نومبر ۱۸۵۳ع دامودر راو گنگادہر نبیرہ یک جدی اپنی کو متبنی و جانشین کیے
اور بذریعہ تحریر میجر ایلس صاحب پولیٹکل اسسٹنٹ بندیلکھنڈ و میجر مارٹین صاحب
افسر کمان مقام جہانسی کو طلب فرماکر روبرو انکے تصدیق متبنگی و جانشینی کی
فرمائی چونکہ رئیس جہانسی خیرخواہ سرکار رہی ہین اور شاید دفعہ دو عہدنامہ مورخہ
۱۷ نومبر ۱۸۱۷ع کے جسمین بطور صریح مرقوم ہے کہ سرکار دولتمدار انگریز بہادر بنظر عنایا

و و وام سررشتہ عقیدت و ارادت سرکار جہانشی ساتھہ اس سرکار کی استقرار
حکومت در ریاست بالارث راو رامچند و وارثان و جانشینان اونکی کے
قبول و منظور فرماتی این اس سے یہہ مستقل ہوتا ہی کہ یہہ جانشینے مقبول سرکار
و نام ریاست کا برقرار رہے ✦

حال ریاست دتیا

یہہ ریاست تحت حکومت سرکار تب سے آئی جبکہ بندیل کھنڈ مین قبضہ سرکار کا قائم
ہوا عہدنامہ اس ریاست سے واقعہ ۱۵ مارچ ۱۸۰۴ کو قرار پایا اگر روسای قرب
جوار سے کسیطرحکا مفسدہ پیدا ہو تو رئیس پابند اسکا ہے کہ سرکار جو ثالثی تجویز
کری اوسے منظور کری اور اگر سرکار سے اتفاق میدان کارزار کرنے کا ہو تو
متفق اتفاق بمیدان جنگ ہے و نیز اس امر کا کہ مخالفین سرکار ہی کو اپنی علاقہ مین
پناہ ندیوی جب عہدنامہ پونا مورخہ ۱۳ جون ۱۸۱۷ عیسوی وہ اراضی جو
متعلق دبجور کر جاگیردار اس ریاست سے تہی تفویض سرکار پیشوا صاحب نے
کی تہے سو یہہ اراضی حسب عہدنامہ مورخہ ۱۸ جولائی ۱۸۱۸ عیسوی بوجہہ
اسکے کہ ابتدای عہدنامہ سابقہ سی رئیس دتیا ثابت قدم براتب صلح و وفا
داری نکلا سرکار ہی پہر رئیس کو دی اور وکیل سابق دبجور کری اوس اراضی

پر براٹ وس ہزار روپیہ سالیانہ کی پاسے سرکارسے عہد نامہ ساتھہ
راو راجہ پاریچہت کی ہوا اور راجہ صاحب ممدوح نی ۱۲ اگست ۱۸۲۹ع
کو وفات پائی راجہ صاحب ممدوح نی ۱۸۲۲ عیسوی مین ایک لڑکا کہ جسکے مادر
و پدر کا ٹہکانا نہین سینے ٹہری پائی کو پسر متبنے مقرر کیا اگرچہ یہہ لڑکا پیدایش
اصل خواہ نقل راجہ صاحب سے نہ تہا لیکن یہان راجہ صاحب موصوف بسبب
اوسکے افتادہ ملنی کی ایک صاحب اہل فرنگ کو اثنار گذر بقلمرو دتیا وسپردگی
بحاکم قلعہ ندی گانون بہرکیف قابل اعتبار والاعتماد ہی اور سرکار نے
بہی اس لڑکی کو منظور کیا اور ۱۸۲۹ عیسوی مین یہہ مہاراج موسوم بخطاب نام
مہاراجہ بجی بہادر گدی نشین ہوے مدار کار ریاست کار پردازان اوقت پر ہے
اور مہاراجہ صاحب گاہی بمراتب دینی کہ مراد داد ودہش وخیر سے ہی وگاہے
بمراتب دنیوی یعنی عیش وطرب مشغول ہین وقت حصول خلعت ۱۸۴۰ع
مین گورنر جنرل بہادر نی یہہ تجویز فرمائے کہ بموجب شرائط عہدنامہ کہ
جس سے راجہ دتیا پابند رکہین فوج بغرض کام آنی بوقت ضرورت سرکار سے
ہی کچہہ بطور صرف زیادتی بمنی بندیل کہنڈہ کی مقرر رہکر اوس پابندی سے آزاد
کیا جاوے اس ریاست کے ایک شخص ویدان سنگہ جاگیردار قرول نامی نے

اولاد وسن بعد رنجیت سنگھ نی دعوی ریاست کیا لیکن بسبب منظور نہونے جانشینی
مہاراجہ بھی بہادر سرکار سی مسموع نہوا مدن سنگھ کی وارث شرعی ہونے
مین شک نہین ولیاقت حکومت بحالت جانشینی شاہد منتج فوائد حسنات ہوئی
دیتیا آٹھ سو پچاس میل کسر و تین سو اسی مواضع متعلق اوسکے و آبادی ایک لاکھ
بیس ہزار کے اور تحصیل اوسکے سنہ ۱۸۲۵ عیسوی مین تخمیناً بارہ لاکھ و سنہ ۱۸۵۲ عیسوی
مین دس لاکھ تھے یہہ ریاست کسیطرح خراج گذار نہین و رئیس مستحق سلامی
گیارہ توپونکا ہی ۔

ریاست سمتھر

یہہ ریاست چھوٹی کہ دہسان سی سمت مغرب واقع ہی اور علاقہ جالون
علی الخصوص موٹھہ سے ہم سرحد متعلق بہ خاندان گوجر ہے سرکار سی عہد نامہ
ساتھہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی تاریخ ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۱۷ عیسوی کو ہوا اور
۱۱ جولائی سنہ ۱۸۲۷ کو مہاراجہ رنجیت سنگھ نی وفات پائی بسبب نہ رکھنے کوئی
اولاد کی چھہ مہینی قبل وفات کے مہاراجہ موصوف نے ارادہ متبنگی برادرزادہ
خود کیا تہا لیکن رانی خود مہاراجہ کو ماہ جنوری سنہ ۱۸۲۸ مین ایک لڑکا ہوا
اور مگر اتفاقیہ راجہ صاحب موصوف سے بہ نسبت کاروبار جو محیط کل تہا اشتباہ زہر دینے

کا پیدا ہوا چنانچہ بعد وفات راجہ رنجیت سنگہ بوجہہ وقوع شک بہ نسبت ولدیت
دنا بالغی راجہ حال ایک فساد برپا ہوا اب اسوقت مین سرکار سے بہ نسبت امور
ریاست مداخلت ہوکر رئیس نابالغ جانشین کیا گیا جو اب بلقب و نام مہاراجہ
ہندوپت بہادر مشہور و معروف ہین اور زمام انتظام بدست [illegible] دیے
گئی شہر ایک سو پچہتر ۱۷۵ میل کلکتہ سے ہے و ۱۸۴۳ عیسوی مین مواضع تعداد مین [illegible]
اٹھائیس ہزار اور تحصیل علاقہ پانچ لاکہہ مگر ۱۸۴۳ عیسوی مین صرف چار لاکہہ
پچاس ہزار تخمینا رہے اور رئیس مستحق سلامی گیارہ توپون کا ہی رئیس صاحب
اور وقائع نگار سے بدفعات ملاقات ہوئی خوش مزاج و خوش طبع و فہیم
ہین لیکن ذوق و شوق اونکا طرز انگریزی سے بہت ہٹا ہے نشست و برخاست
و خور و نوش و پوشاک مین وہ طریقہ پسندیدہ ہے زبان انگریزی مین داخلت رکہتے
ہین و تحریر مین بھی دستگاہ ہی اور ہر ایک طریقہ و روش انگریزی کو مہاراجہ صاحب کے
نزدیک ترجیح طریق ہندوستانی پر ہے اس ریاست مین ایک شخص موسوم بہ [illegible]
جو مدار المہام ریاست تہا اور جسنے ۱۸۵۰ عیسوی مین وفات پائی بابت لیق و کار
گذار و خلیق تہا حیف کہ وہ کمی سن مین اوسکے [illegible] کی غبط

ریاست ٹینا

ریاست پنّا

سرکار کا تسلط جب علاقہ بندیل کہنڈہ پر ہوا تب کشور سنگہ خاص اولاد راجہ چہترسال
کی مسند نشین اس ریاست کی تہی و سرکار سی سند بنام کشور سنگہ بقید وفاداری و جانشینان
ہوئی تند مزاجی و حرکات قبیحہ کشور سنگہ سے اس ریاست مین نوبت تباہی
پہونچی اب اسوقت مین مداخلت سرکار مناسب متصور ہوئی ۱۸۲۳ عیسوی کو کشور سنگہ
کی انتظام مینے ریاست کا تفویض کنور پرتاب سنگہ والی چہترپور سے چار سال کو کیا
و شرائط طرفین بمنظوری سرکار انگریزی مستحکم ہوئی لیکن قبل انقضای میعاد مذکورہ
کشور سنگہ بسبب بدخصالی و خونریزی کی ریاست سے خارج ہوا اور اوسکی بیٹی ہربنس رای
قایم مقام ہوئے راجہ کشور سنگہ ۱۴ ستمبر ۱۸۳۴ عیسوی کو راہی ملک عدم ہوئی اور ہربنس رای
مسند نشین کی گئی پہر جبکہ ۱۸۴۹ ع مین ہربنس رای نی اسجہان فانی سی رحلت فرمای
راجہ نرپت سنگہ نی بجای اوسکی گدی پائی کہ ہنوز رونق بخش ریاست مین یہہ
علاقہ ۱۸۴۳ عیسوی مین چہہ سو اٹہاسی میل کا تہا اور ایک ہزار یا ستہہ مواضع متعلق
اوسکی و آبادی سرسٹہہ ہزار پانچ سو و تحصیل اوسکی آٹہہ لاکہہ تہی لیکن ۱۸۴۷ ع
مین آمدنی اوسکی نصف رہگئی اسعلاقہ مین خراج سرکاری دس ہزار سکہ سرہنگ مقرر
ہی اور راجہ صاحب پنا مستحق سلامی نہین

ریاست اجیگڈھ

یہہ ریاست سندھی ہی کا تہا مگر تسلط سرکار علاقہ بندیل کہنڈہ پر ہوا یہہ ریاست بقبضہ راجہ بخت سنگہ نبیرہ مہاراجہ جگت راج کی تہی لیکن ایک بڑا حصہ اس ریاست کا لچھمن سنگہ نو واقی چہین لیا تہا راجہ بخت سنگہ بسبب اختیار اطاعت سرکار چہتیس ۳۶ ہزار سالیانہ بعوض روزینہ کی پاتی تہی پہر سنہ ۱۸۰۸ مین بعوض اوسکے جاگیر اجیگڈہ بنام راجہ صاحب یعنے بخت سنگہ کی مقرر ہوئی بعد اسکی سنہ ۱۸۱۲ عیسوی مین وہ علاقہ جو بقبضہ لچھمن سنگہ تہا سرکار سی بقبضہ راجہ صاحب بقید ادای سات ہزار سات سو پچاس روپیہ سنگہ سرنگر کی دلایا گیا راجہ بخت سنگہ نی ۱۱ جون سنہ ۱۸۳۷ع کو انتقال فرمایا اور مہاراجہ مادہو سنگہ بہادر بجای اوسکی مسند نشین ہوئے جبکہ سنہ ۱۸۴۹ع مین مہاراجہ مادہو سنگہ نی بہی وفات پائی تب مہیپ سنگہ اور بعد مہیپ سنگہ کی سنہ ۱۸۵۳ع مین راجہ بجی سنگہ جانشین ہوئے کہ راجہ بجی سنگہ ہنوز مسند نشین ریاست ہین یہہ ریاست تین سو چالیس میل مکسر مین ہی و بمطابق شمار سنہ ۱۸۳۱ع مین چہہ سو آٹہہ مواضع متعلق اوسکے تہی اور آبادی پینتالیس ہزار اور تحصیل سنہ ۱۸۴۲ع مین تین لاکہہ تہے مگر پانچ برس بعد ایک لاکہہ چہتر ہزار رہگئے اور رئیس مستحق سلامی نہین ہی

ریاست چرکہاری

یہہ ریاست بہی از روے سند کی ہے اور ۲۸ ستمبر ۱۸۰۶ء و ستائیس مارچ ۱۸۱۱ع
مین نامہ بنام بکرماجیت بجی بہادر بقید ورثاء و جانشینان سرکار انگریزسے
ہوا تہا بکرماجیت نے ۱۸۳۳ع مین وفات پائی اور نبیرہ اونکا زن غیر منکوحہ سے
یعنی راجہ رتن سنگہ جسکے جانشینی ۱۸۳۳ع مین منظور ہوئی تہی جانشین ہوا
دیوان کہیت سنگہ نے اس ریاست کا دعوی کیا گو کہ دعوی کہیت سنگہ درست تہا
مگر بسبب منظوری راجہ رتن سنگہ کی گورنمنٹ نے اوسکے دعوی کو قایم نکیا اور
کہیت سنگہ کو اولاً نقدی ایکہزار ماہواری مقرر ہوکر ۱۸۴۲ع مین راج جیت پور کا
اونہین مرحمت ہوا علاقہ پنہ کہ سارے آٹہہ سو اسی میل مربع مین ہے اور دو سو انسٹہہ
مواضع متعلق اوسکی اور آبادی اکیاسی ہزار اور تحصیل قدر چار لاکہہ اور خراج
سرکار سے چرکہاری سی نو ہزار چار سو چہ روپیہ دس آنہ سکہ سرینگر مقرر ہین اور رئیس
مستحق سلامی نہین ہے

ریاست بجاور

یہہ علاقہ بہی سند بقید قبضہ موروثی ہے اصل بانی مبانی ریاست کی مہاراجہ
چہتر سال ہیں اور بعد آنکے مہاراجہ جگت راج اور بعد اونکے دیوان بیر سنگہ دیو
جانشین ہوئے بیر سنگہ دیو کی تین لڑکی تہے دہوکل سنگہ جو بقید حیات اپنے

والد بزرگوار کی لاولد مرگئے دوسری کیسری سنگه جو بعد وفات اپنی باپ کی جانشین
ہوئی تیسری دیوان کہمان سنگه راجه کیسری سنگه کی بہی تین لڑکی تہے جنہین خلف
اکبر رتن سنگه جو اپنی باپکے جانشین ہوئی سند سرکاری بنام اونکے بتوضح
۲۷ مارچ ۱۸۱۱ عیسوی ہی دوسری دیوان کہیت سنگه تیسری دیوان جسیت سنگه
بعد وفات راجه رتن سنگه بحالت لاولدی ۱۸۴۲ء مین بیوه راجه مرحوم نے پچہمن سنگه
برادر زاده راجه مرحوم ولد دیوان کہیت سنگه کو متبنی گردانا اور وه مسند نشین ہوا
